خالد روحانی جنتری

خالد اسحاق راٹھور

۲۰۰۹ء ـــــ ۲۰۱۰ء تک

ماہنامہ

راہنمائے عملیات

لاہور

خالد اسحاق راٹھور

ساڑھ ستی کیا ہے؟

نحوست زحل، ساڑھ ستی اور ڈھایہ ایسے معاملات ہیں جن کے بارے میں مختلف قارئین مختلف طریق سے سوال تحریر کرتے رہتے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ عام آدمی بلکہ کسی پیر فقیر یا عامل کو بھی یہ بات مکمل طور پر سمجھانا مشکل ہے کہ نحوست زحل، ساڑھ ستی اور ڈھایہ کیا ہوتے ہیں اور اِن کے بارے میں حتمی فیصلہ کس طرح کیا جا سکتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اِن اُمور کو سمجھنے کے لیے علم نجوم کی سمجھ ہونا بہت ضروری ہے جو کہ ہمارے ہاں کم لوگوں کو ہے۔ زیادہ تر لوگ بس سنی سنائی پر چلتے ہیں۔ یا کسی سے ایک لفظ سن لیا تو اس کو ہر ایک پر لاگو کر دیا۔ بہر حال ذیل کی سطور میں مختصر طور پر بیان کرتا ہوں تا کہ کسی نہ کسی حد تک "راہنمائے عملیات" کے قارئین اِن اُمور سے واقف ہوں۔

نحوست زحل

زحل کو ہمارے ہاں بلا سمجھے ہی نحس خیال کر لیا گیا ہے اور اس کو ہمیشہ ہی بد سے بدتر اثرات دینے والا خیال کیا جاتا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ جن لوگوں کے زائچوں میں یہ شرف یا اوج کی حالت میں ہوتا ہے یا سعد گھر ہوتا ہے۔ ان کو زندگی میں لاتعداد فوائد بھی دیتا ہے۔

اس کے برعکس جب ہبوط، حضیض وغیرہ یا دشمن کے گھر یا نحس نظر یا نحس گھر کے تحت ہو تو اپنی طاقت کے حساب سے نحوست کا اظہار کرتا ہے۔

وہ قارئین جو اپنے زائچہ کے حوالے سے زحل کے اثرات کا جامع جائزہ حاصل کرنے کے خواہش مند ہوں وہ "خالد روحانی جنتری" کے صفحہ نمبر ۱۱ پر دیئے اشتہار کو توجہ سے پڑھ لیں۔

ساڑہ ستی

یہ زحل کی وہ حالت ہے جب یہ زائچہ کے بارھویں، پہلے اور دوسرے گھروں میں مسلسل حرکت پذیر رہتا ہے۔ یہ کم و بیش ساڑھے سات سال کا عرصہ بنتا ہے اور اکثر لوگوں پر اس عرصہ میں کافی نحس اثرات واقع ہوتے ہیں۔ عقل کا کام نہ کرنا، کاروبار میں نقصان، تعلیمی ناکامی، غلط فیصلے، خرابی صحت، مقدمات اور لڑائی جھگڑا اور ایسے لاتعداد مسائل سے واسطہ پڑتا ہے۔ اس وجہ سے زحل کا یہ عرصہ انتہائی ناقص تصور کیا جاتا ہے اور اس سارے عرصے اور مسائل کو بیک وقت بیان کرنے کے لیے تکنیکی علامت "ساڑھ ستی" استعمال کی جاتی ہے۔

ڈھایہ

مندرجہ بالا ساڑھے سات سال کی بجائے زحل جب ڈھائی سال کے لیے کسی کو متاثر کرتا ہے تو اس عرصہ کو ڈھایہ کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ یاد رہے کہ زحل ایک برج میں ڈھائی سال رہتا ہے۔ جب یہ اپنی نشتی حالت کے باعث کسی گھر میں نحس اثر دیتا ہے تو یہ نحس اثر فرد پر ڈھائی سال تک رہتا ہے اور اس حوالے سے ڈھایہ کہلاتا ہے۔ (نوٹ کر لیں ڈھایہ اور ساڑھ ستی الگ الگ ہیں)۔

ساڑھ ستی 29 سال کے عرصے میں ایک دفعہ آتی ہے جبکہ ڈھایہ تین چار مرتبہ آ سکتا ہے۔ اس حوالے سے مکمل اور تفصیلی ذاتی معلومات آپ ادارے سے مقررہ فیس ادا کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

نحوست زحل کا عملیاتی حل

ذیل کی سطور میں ایک عمل تحریر کر رہا ہوں "راہنمائے عملیات اور خالد روحانی جنتری" کے تمام خریداروں کو اپنی ذات کے لیے اس کو استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ عمل قدرے پیچیدہ ہے لیکن ہے موثر، سو دفع نحوست کے لیے تھوڑی سی محنت توجہ کے ساتھ کر لیں۔

خیال رہے کہ بہت سے خواتین و حضرات پورا عمل توجہ سے پڑھے بغیر ہی

ساڑہ ستی اور ڈھایہ کی نحوست سے محفوظ رھنے کا ایک خاص عمل

فون ہاتھ میں پکڑ لیتے ہیں کیونکہ فون کال اتنی سستی ہو گئی ہے کہ روئی اس کے سامنے مہنگی نظر آتی ہے۔ ایسے تمام خواتین و حضرات فون کی بجائے جوابی خط کے ذریعے رابطہ کریں۔ لیکن مضمون پہلے دو تین دفعہ توجہ سے پڑھ لیں۔ شکریہ۔

عمل یوں ہے۔ نام سائل، نام والدہ سائل ایک سطر میں تحریر کریں۔ دوسری سطر میں یہ اسماء تحریر کریں۔

سلام۔ صمد۔ واسع۔ حمید۔ وکیل۔ سمیع۔ جامع

اور تیسری سطر میں حروف نورانی جو کہ درج ذیل ہیں تحریر کریں۔

"ا، ح، ہ، ط، ی، ک، ل، م، ن، س، ع، ص، ق، ر"

بسط حرفی کرنے کے بعد ان سب کو ائف کو ایک سطر میں تحریر کر لیں، یہ آپ کی بنیادی سطر ہے۔ اس کی تکسیر تیار کریں۔ اگر طاق سطور کی تکسیر ہو تو اول سطر، درمیانی سطر اور آخری سطر کو الگ سے لکھ لیں۔ (خیال رہے یہ تین الگ الگ سطور ہوں گی)۔

اگر جفت سطور کی تکسیر ہو تو اول سطر، درمیان سے دو سطور اور آخری سطر کو الگ سے تحریر کر لیں۔ یہ کل چار سطور ہوں گی۔

ان تمام سطور کی جو عددی قیمت ہو اس کو مفرد کر لیں۔

جو مفرد عدد ہو اس کو بنیادی سطر جو کہ عمل کی ابتداء میں بنائی تھی کے ہر حرف کے نیچے لکھتے جائیں۔

جب یہ عمل مکمل ہو جائے تو بنیادی سطر کے ہر حرف کو نیچے تحریر کردہ عدد کے مطابق تبدیل کر دیں۔ مثلاً اگر پہلا حرف ''ب'' ہے اور اس کے نیچے 2 مفرد عدد تحریر ہے تو اس کا مطلب یہ ہے ''ب'' سے دوسرا حرف اب ''ب'' کی جگہ آئے گا۔ یعنی ''د''۔ یہ تبدیلی دائرہ قمری کے مطابق ہوگی۔

تبدیلی حروف کے بعد جو نئی سطر وجود میں آئی ہے۔ اس میں جن حروف کی تکرار ہو رہی ہے ان کو ختم کر دیں اور یہ خاتمے کا عمل سطر کے آخر سے شروع کریں۔ اب جو سطر باقی بچی ہے اس کے کل اعداد حاصل کر لیں۔ ان اعداد سے چار نقوش تیار کریں۔

اگر ممکن ہو تو چاندی کے پترے پر ورنہ کاغذ پر تحریر کر لیں۔ نقوش میں چاروں چالیں استعمال ہوں گی۔ بادی، خاکی، آبی اور آتشی۔ ان چاروں چالوں کی مناسبت سے یہ نقوش یا الواح استعمال ہوں گی۔ بادی کسی درخت کے ساتھ لٹکا دیں، خاکی زمین میں دفن کر دیں، آبی پانی میں بہا دیں اور آتشی کسی اونچی جگہ ننگے آسمان کے نیچے کسی وزن کے نیچے رکھ دیں۔ جگہ ایسی ہو جہاں دھوپ لازم آتی ہو۔

مضمون کے آخر میں دی گئی چالوں میں سے بادی چال کے حساب سے ایک لوح چاندی پر کندہ کریں اور یہ سائل اپنے پاس رکھے۔

عمل میں جو اسمائے الٰہی استعمال ہوئے ہیں ان کو نقش کے اعداد کی تعداد میں روزانہ پڑھنا ہے۔ اگر طوالت عمل کے باعث یہ ممکن نہ ہو تو اعداد کی عددی قیمت کو باہم جمع کر کے مفرد عدد حاصل کر لیں اور اتنے سو دفعہ ان اسماء کو پڑھ لیں۔

صدقہ

ہفتہ کے دن مغرب کے بعد لیکن عشاء سے پہلے کالا کپڑا، کالے چنے، سرسوں کا تیل، کالے ماش، زندہ کالی مرغی، زندہ جنگلی کبوتر میں سے کسی ایک یا زیادہ اشیاء کا صدقہ اپنی گنجائش کے مطابق دیں۔ کم از کم سات ہفتے یا مسائل کے حل ہونے تک۔

یہی صدقات زیادہ نحس اثرات محسوس کرتے ہوں تو جمعرات کے دن بھی شام کے وقت دے سکتے ہیں۔

جواہر

نیلم، لاجورد، عقیق اور پکھراج استعمال کر سکتے ہیں۔ ہیرا بھی زحل کے تحت استعمال کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ تاہم اس سارے عمل کے حوالے سے میں اسے استعمال نہ کرنے کا مشورہ دوں گا۔ اس کے لیے ذاتی حساب لازم کروا لیں ورنہ نقصان زیادہ بھی ہو سکتا ہے۔

پتھر اصلی اور معیاری ہونا چاہیے۔ تاہم اگر معیار زیادہ اچھا نہ ہو تب بھی پتھر داغی، ناقص یا ٹوٹا ہوا نہیں ہونا چاہیے۔ پلاسٹک یا چائنہ یا ہانگ کانگ کے جعلی، پلاسٹک یا مصالحے کے پتھر لینے سے بہتر ہے کوئی پتھر استعمال ہی نہ کریں۔ اس قسم کے جعلی جواہر آپ کی کیمسٹری میں کوئی مثبت تبدیلی نہیں لا سکتے۔

۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

خاکی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

کل اعداد میں سے 30 تفریق کریں اور باقی کو چار سے تقسیم کر دیں۔ تقسیم کرنے سے باقی قسمت ایک بچے تو خانہ 13 میں ایک کا اضافہ، 2 بچے تو خانہ 9 میں ایک کا اضافہ اور اگر 3 بچے تو خانہ 5 میں ایک کا اضافہ کریں۔

آتشی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷

تسخیر موکل ذاتی

خالد اسحاق راٹھور

تسخیر موکل وہمزاد کے یوں تو آپ نے کئی قواعد پڑھے ہوں گے اور شاید کسی ایک یا چند ایک پر عمل بھی کیا ہو۔ کون سا عمل درست ہے؟ کس طرح کیا؟ کیا مشکلات پیش آئیں؟ اور کیا نتائج حاصل ہوئے؟ اس سے قطع نظر ذیل کی سطور میں موکل (ذاتی) کے استخراج کا ایک حقیقی، حتمی اور مجرب طریقہ تحریر کر رہا ہوں۔ اس کی تعریف کرنے کی بجائے عمل کی طرف آتے ہیں۔

عمل تسخیر موکل ذاتی

- دائرہ قمری سے نام بمعہ نام والدہ کے اعداد استخراج کریں۔
- تمام اعداد کا میزان حاصل کریں۔
- بلحاظ مراتب ان اعداد کے حروف لے لیں۔
- جو حروف برآمد ہوں ان کے آگے ایل کا اضافہ کر دیں۔
- نام کے اعداد کو ضرب فی النفسہ دیں۔
- جو عدد آئے، اس کی تعداد کے مطابق روزانہ حاصلہ اسم کا ذکر کریں۔
- ایک چلہ چالیس دن پر مشتمل ہے۔
- کسی مسئلہ کی صورت میں یہ ریاضت تین چلوں تک کی جا سکتی ہے۔
- عمل بلا اجازت نہ کریں۔ کیونکہ ایسے اعمال میں جان و مال کا خطرہ ہوتا ہے اور راہنمائی اشد ضروری ہوتی ہے۔ اجازت کے طالب اپنے مکمل کوائف بمعہ جوابی خط ارسال کریں۔ فون پر اجازت طلب نہ کریں۔

قارئین ''تسخیر موکل ذاتی'' کا مکمل قاعدہ بیان کر دیا گیا ہے۔ کوئی دوست یہ پوچھنے کے لیے خط تحریر نہ کرے کہ کیا یہ قاعدہ مکمل ہے یا نہیں۔ یا آپ نے کچھ چھپا تو نہیں لیا۔ کچھ پوشیدہ تو نہیں ۔۔۔ بالکل نہیں ۔۔۔ یہ قاعدہ مکمل ہے۔ تاہم اگر پھر بھی کوئی بات جواب طلب ہو تو اپنے سوال جوابی خط کے ہمراہ ارسال کریں۔ ورنہ جواب سے معذرت۔

عبدالباسط راٹھور

سالانہ حالات

علم نجوم کی روشنی میں

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:......

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کردیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نَحُوْسَةِ الْكَوَاكِبِ وَرُجُوْعِهٖ وَوَبَالِهٖ وَسُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ يَا اللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ -

عددی جدول

ا' ی' ق' غ	۱
ب' پ' ک' گ' ر' ڑ	۲
ج' چ' ل' ش	۳
د' ڈ' م' ت' ٹ	۴
ہ' ن' ث	۵
و' س' خ	۶
ز' ژ' ع' ذ	۷
ح' ف' ض	۸
ط' ص' ظ	۹

مثال

اکبر	ا	ک	ب	ر	
	۱	۲	۲	۲	=۷

لوحِ مریخ و تحفظ و رد سحر

دشمن سے حفاظت' مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے' دشمنوں کو شکست دینے، اِن کی تکلیفوں سے محفوظ رکھنے، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی' صحت' سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ' تحفظ اور قوت جسمانی جیسے فوائد حاصل کرنے کے لیے یہ لوح استعمال ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے آپ ایک خاص قسم کا روحانی تحفظ حاصل کریں گے۔ مختلف مردانہ امراض، مسائل اور ازدواجی و جسمانی مسائل کے حل' مردانہ طاقت' صحت' جسمانی حالت کی بہتری کے ساتھ ساتھ آسیب اور سحر وغیرہ سے بچاؤ کے لئے بھی لوحِ مریخ استعمال کی جاتی ہے۔ اِن حوالوں سے یہ ایک لاجواب لوح ہے۔

شرف و ہبوط کواکب کے احکام و الواح

نجومی زبان میں کواکب کے شرف و ہبوط کی اصطلاح کا مطلب یہ ہے کہ بعض بروج میں بعض کواکب کو حد درجہ سعد (حالت شرف) خیال کیا جاتا ہے اور بعض میں حد درجہ نحس (حالت ہبوط) خیال کیا جاتا ہے۔ جب کوئی کوکب متعلقہ برج میں اس خاص مقام پر پہنچتا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ یہ کوکب حالت شرف یا حالت ہبوط میں ہے۔

کون سا کوکب کس برج اور درجے پر حالت شرف یا حالت ہبوط میں ہوتا ہے۔ درج ذیل جدول سے با آسانی معلوم ہوسکتا ہے۔

کوکب	مقام شرف	مقام ہبوط
شمس	برج حمل ۱۹ درجے	برج میزان ۱۹ درجے
قمر	برج ثور ۳ درجے	برج عقرب ۳ درجے
مریخ	برج جدی ۲۸ درجے	برج سرطان ۲۸ درجے
عطارد	برج سنبلہ ۱۵ درجے	برج حوت ۱۵ درجے
زہرہ	برج حوت ۲۷ درجے	برج سنبلہ ۲۷ درجے
مشتری	برج سرطان ۱۵ درجے	برج جدی ۱۵ درجے
زحل	برج میزان ۲۱ درجے	برج حمل ۲۱ درجے

عملیات کی دنیا میں دوران شرف و ہبوط کواکب بنائے جانے والے نقوش وغیرہ بہت اہم، طاقتور، زود اثر اور کامیاب خیال کیے جاتے ہیں۔ چاہے کوئی بھی مقصد ہو کواکب کے شرف و ہبوط کے دوران ایک سمجھ دار عامل کامیاب عمل تیار کرسکتا ہے۔ سال بھر کے شرف و ہبوط کواکب کی تفصیل آپ کو خالد روحانی جنتری اور ماھنامہ راہنمائے عملیات سے مل سکتی ہے۔

عملیات شرف کواکب

ذیل میں مختصراً وہ اہم مقاصد بتائے جا رہے ہیں جن کے لئے آپ کواکب کے شرف و ہبوط کے دوران نقوش وغیرہ تیار کرسکتے ہیں۔

شرف شمس

شرف شمس کے دوران اس کی مناسبت سے معاشرے میں عزت و وقار حاصل کرنے، بلند مرتبہ، عظمت، شہرت، مقبولیت، کامیابی، ترقی، میدان سیاست اور حکومت میں کامیابی و اعلیٰ مقام کے حصول، دشمنوں پر قابو اور غلبہ حاصل کرنے کے مختلف عمل تیار کئے جاتے ہیں۔ شمس سال میں ایک دفعہ حالت شرف میں آتا ہے۔

شرف قمر

شرف قمر میں تقریباً ہر قسم کے سعد عملیات تیار کئے جاتے ہیں۔ جیسے دولت، شہرت، کامیابی، شادی، اولاد، تجدید تعلقات، کاروبار، زمین، زراعت، تسخیر مستورات، نجات امراض، ردسحر وغیرہ۔ قمر ہر ماہ حالت شرف میں آتا ہے۔

شرف مریخ

شرف مریخ کے دوران محبت و طاقت حاصل کرنے، امراض سے نجات، مردانہ طاقت، دشمنوں سے مقابلہ اور غلبہ حاصل کرنے، جنگ و جدل میں کامیابی وغیرہ کے لئے۔

شرف عطارد

علم و عقل و دانش میں اضافے، ادبی معاملات میں کامیابی، ترقی کاروبار، حکام و اہل قلم سے کام لینے، حافظے کو قوی بنانے، زبان دانی، فصاحت و بلاغت، دماغی امراض سے صحت، رزق اور امتحان میں کامیابی وغیرہ کے لئے۔

شرف زہرہ

عوام الناس خصوصاً خواتین میں مقبولیت، شہرت و تسخیر، تمام زنانہ امراض سے شفاء و صحت کے لئے۔ خصوصاً محبت و تسخیر محبوب، کاروبار اور آمدنی میں اضافے، یہ نقش یا لوح ان تمام لوگوں کے لئے حد درجہ مفید ہوتی ہے جن کی طرف لوگ اپنے مقاصد کے حصول کے لئے رجوع کرتے ہیں یا ان کا روزمرہ تعلق کسی نہ کسی طور لوگوں سے ہوتا ہے۔ جیسے سیاست دان، اداکار، دکان دار، ڈاکٹر، حکیم، عامل، نجومی، وکیل وغیرہ۔

شرف مشتری

زندگی میں چند بار ہی شرف مشتری سے فائدہ اٹھانے کا موقعہ ملتا ہے کیونکہ تقریباً ۱۲ سال کے بعد یہ وقت آتا ہے۔ شرف مشتری کے دوران حصول دولت، مالی معاملات میں استحکام، خوش حالی، روپے کی فراوانی، کاروبار و تجارت میں برکت و اضافے، جائیداد کے حصول، آرام دہ زندگی، عمومی خوش قسمتی، روپے کا حصول بذریعہ

لاٹری، ریس اور ایسے دیگر ذرائع سے۔ مالی مشکلات سے نجات، خاتمہ غربت وغیرہ۔

شرف زحل

کم ہی لوگ اتنے خوش قسمت ہوتے ہیں کہ زندگی میں دو یا تین دفعہ شرف زحل کے وقت کو حاصل کر سکیں۔ کیونکہ یہ تقریباً ۲۹ سال کے لیے عرصے کے بعد حالت شرف میں آتا ہے۔ اس وقت صرف اپنے لئے نہیں بلکہ اولاد کے لئے بھی عمل تیار کروانا چاہئے تاکہ وہ بھی زندگی میں اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ شرف زحل میں ناموری، شہرت، عوامی مقبولیت، بزرگی، عظمت، ترقی کے لئے اعمال تیار کئے جاتے ہیں۔ اس وقت بادشاہوں، اعلیٰ حکام، امراء، بڑے بڑے تاجر و بزنس مینوں اور کاروباری اداروں کے مالکوں کے فائدے، ملکوں، اداروں اور عمارتوں کے استحکام اور قائم رہنے کے لئے بھی عمل تیار کئے جاتے ہیں۔

عملیات ھبوط کواکب

شرف کے برعکس جب کواکب حالت ہبوط میں ہوں تو پھر مندرجہ بالا امور سے الٹ کاموں کے لئے عمل تیار کئے جاتے ہیں۔

ھبوط شمس

کسی کو معاشرے میں ذلیل کرنے، رتبے یا عہدے سے گرانے، مقابلے میں ناکامی، بندش ترقی وغیرہ کے لئے عمل تیار کئے جاتے ہیں۔

ھبوط قمر

تقریباً ہر قسم کا نحس و نامبارک و بد کام کیا جا سکتا ہے۔ زبان بندی، شادی میں رکاوٹ، طلاق، لڑائی جھگڑے، سحر، جادو وغیرہ جیسے عمل تیار کئے جا سکتے ہیں۔

ھبوط مریخ

خرابی صحت، نیچا دکھانے کے لئے، کمزوری قلب و بزدلی، مشکلات پیدا کرنے، مردانہ طاقت کی بندش وغیرہ کے عمل۔

ھبوط عطارد

کاروبار میں رکاوٹ، پریشانیوں کا شکار کرنے، مرتبے سے گرانے، ذلیل کرنے اور مختلف کاموں میں بندش وغیرہ کے عمل۔

ھبوط زھرہ

بدنامی، نکاح باندھنا، ازدواجی و خانگی معاملات کی تباہی، طلاق، لڑائی جھگڑوں، تفرقہ وغیرہ کے لئے۔

ھبوط مشتری

مالی و مادی امور کی تباہی، بدحالی و مسائل کا شکار کرنے وغیرہ کے لئے۔

ھبوط زحل

کسی کو ذلیل کرنے، تباہ و برباد کرنے، برے اعمال کی سزا دینے، مرتبے سے گرانے، نفاق پیدا کرنے کے عمل تیار کئے جاتے ہیں۔

خاتم سلیمان

خاتم سلیمان کے نام سے ایک طلسم ادارے کی شائع ہونے والی کتاب "طلسمات زہرہ" میں دیا گیا ہے۔ اس طلسم کو ۳۴ متفرق مقاصد کے لیے مفید قرار دیا گیا ہے۔ ذیل میں ان فوائد کو سرسری طور پر بیان کیا جا رہا ہے۔ مکمل تفصیل آپ کو ہماری کتاب "طلسمات زہرہ" میں ملے گی۔ جو اصحاب خاتم سلیمان ادارے سے تیار کروانا چاہیں۔ گیارہ صد روپے ہدیہ ارسال کر کے چاندی پر کندہ کی گئی یہ لوح حاصل کر سکتے ہیں۔

1- جادو ٹونہ سے پوری زندگی کے لیے نجات حاصل کریں۔ 2- مطلوب کے دل میں مقام محبت کا حصول۔ 3- فرط عشق و محبت۔ 4- بزدلی کا خاتمہ اور اپنے دشمن پر کامیابی حاصل کرنا۔ 5- دو ناراض افراد کے درمیان شہد کی محبت۔ 6- ہمیشہ ہمیشہ کے لیے قرضے سے نجات۔ 7- اگر کوئی شخص اپنے ساتھ ہوئے دھوکے کا بدلہ لینا چاہے۔ 8- آپ کا سفر مبارک و با خیریت گزرے گا۔ 9- فاسق اور فتنہ باز کے شر سے محفوظ۔ 10- پشت پر وار کرنے والوں کا ہمیشہ کے لیے توڑ۔ 11- آپ کا محبوب کبھی جدائی کا نہ سوچے۔ 12- مشکل ترین حاجت کو پورا کرنے کے لیے۔ 13- کسی لڑکی کی منگنی ہو لیکن نکاح میں کوئی رکاوٹ آ جائے۔ 14- کسی آدمی کو اپنا عاشق بننے پر مجبور کر دینا۔ 15- غربت کا گھر سے خاتمہ اور ترقی کی طرف گامزن۔ 16- حاسدین سے بچاؤ اور بری نظر سے برات۔ 17- اچانک موت سے پناہ۔ 18- کسی ایسے پاگل کا علاج جس کے گھر والے علاج و معالجہ سے تنگ آ جائیں۔ 19- دلوں میں محبت اور قضاء حاجات۔ 20- میاں و بیوی کے درمیان عشق و محبت۔ 21- کسی کے دل میں محبت و الفت۔ 22- کسی مسافر یا غائب کو حاضر کرنا۔ 23- قید سے نجات۔ 24- اگر کوئی دو افراد کے درمیان محبت ڈالنا چاہے۔ 25- جس شخص کے تمام راستے بند ہوں۔ 26- کسی جھگڑالو سے دور رہنے کے لیے۔ 27- دوسروں کو مطیع کرنا اور ان کی نظر میں مقبولیت۔ 28- ایسا عمل کرنے سے آپ کی مراد پوری ہو جائے گی۔ 29- خیر و برکت کے لیے۔ 30- دو مختلف آدمیوں کا آپس میں جھگڑا۔ 31- اپنے دشمن کو جڑ سے ختم کر دینا (ہلاک کرنا)۔ 32- مریض کے لیے۔ 33- کسی کو نماز کی طرف راغب کرنا۔ 34- طاقت ور دشمن کے لیے۔

عطارد سالِ رواں میں:۔

عطارد شمس سے 57.9 ملین کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ عطارد کا ایک دن زمین کے 176 دن کے برابر ہے یہ ستارہ نہ تو مذکر ہے اور نہ ہی مونث۔ اس کو مخنث اور غیر جانبدار کہا جاتا ہے۔ یہ جہاں جاتا ہے وہاں کا ہو جاتا ہے یعنی کہ جیسا دیس ویسا بھیس۔ بذات خود نہ تو یہ کسی اچھائی کا اور نہ ہی کسی برائی کا ترجمان ہے۔ نظامِ فطرت میں عطارد کو پیغام رسانی، تجارت، دماغ، دانشمندی اور ذہانت سے منسوب کیا جاتا ہے۔ اگر یہ کسی فرد کے زائچے میں سعد ہو تو اس کی فہم و فراست کو بڑھاتا ہے۔ ایسے فرد کے لکھنے، بولنے، پڑھنے کی صلاحیت بہت بہتر ہو جاتی ہے۔ وہ ایک اچھا مقرر بن سکتا ہے۔ اور وہ سامنے والے پر اپنی بات کی وضاحت کر سکتا ہے اور حساب کتاب کے امور میں وہ فرد یکتا ہوتا ہے۔ اس کا حافظہ بہت بہتر ہوتا ہے اور وہ اعلیٰ درجے کی تعلیم حاصل کرتا ہے۔ اگر عطارد کسی فرد کے زائچے میں نحس ہو تو ایسے انسان کی ذہنی صلاحیتیں پست درجے کی ہو جاتی ہیں۔ اس کا حافظہ کمزور ہو جاتا ہے۔ نہ تو وہ کسی کو بات سمجھا سکتا ہے اور نہ ہی کسی کی بات کو سمجھ سکتا ہے۔ نکتہ چینی، بات بات میں سے کیڑے نکالنا۔ اس کی عادت بن جاتی ہے۔ بے ایمان ہونا بھی اس کی ایک بڑی صفت ہے۔ غرضیکہ عطارد کے سعد ہونے میں عقل و دانش اس فرد کی لونڈی ہوتی ہے اور اگر نحس ہو تو وہ غلام بن کر رہ جاتا ہے۔ عطارد کا سعد ہونا حکمرانی کی نشانی بھی ہے ذہنوں پر۔ عطارد کا نحس ہونا نشانی ہے دوسروں کی حکمرانی میں کام کرنا۔

برج	موافق وقت	مخالف وقت
حمل	1 جنوری تا21 جنوری 14 فروری تا8 مارچ 1 مئی تا14 مئی 14 جون تا3 جولائی	9 مارچ تا25 مارچ 26 اگست تا17 ستمبر 10 اکتوبر تا28 اکتوبر 16 نومبر تا5 دسمبر
ثور	1 مئی تا14 مئی 14 جون تا3 جولائی 6 دسمبر تا26 دسمبر	1 جنوری تا21 جنوری 9 مارچ تا19 اپریل 18 جولائی تا12 اگست 26 اگست تا17 ستمبر 10 اکتوبر تا28 اکتوبر
جوزا	1 مئی تا14 مئی 14 جون تا3 جولائی 26 اگست تا17 ستمبر 10 اکتوبر تا28 اکتوبر	9 مارچ تا25 مارچ 10 اپریل تا30 اپریل
سرطان	10 اپریل تا30 اپریل 4 جولائی تا17 جولائی 29 اکتوبر تا15 نومبر	1 جنوری تا21 جنوری 14 فروری تا8 مارچ 26 اگست تا18 ستمبر 10 اکتوبر تا 28 اکتوبر
اسد	26 مارچ تا14 مئی 14 جون تا3 جولائی 3 اگست تا25 اگست	1 جنوری تا21 جنوری 14 فروری تا25 مارچ
سنبلہ	1 جنوری تا21 جنوری 14 فروری تا19 اپریل 3 اگست تا25 اگست	4 جولائی تا17 جولائی
میزان	1 جنوری تا21 جنوری 14 فروری تا8 مارچ 29 اکتوبر تا15 نومبر	9 مارچ تا25 مارچ 26 اگست تا17 ستمبر 10 اکتوبر تا28 اکتوبر
عقرب	1 مئی تا14 مئی 14 جون تا3 جولائی	1 جنوری تا21 جنوری 14 فروری تا25 مارچ 10 اپریل تا30 اپریل 26 اگست تا18 ستمبر 10 اکتوبر تا28 اکتوبر
قوس	26 مارچ تا19 اپریل 1 مئی تا14 مئی 14 جون تا3 جولائی	9 مارچ تا25 مارچ 4 جولائی تا17 جولائی 29 اکتوبر تا15 نومبر
جدی	1 جنوری تا21 جنوری 14 فروری تا8 مارچ 29 اکتوبر تا15 نومبر	26 مارچ تا19 اپریل 26 اگست تا17 ستمبر 10 اکتوبر تا28 اکتوبر
دلو	1 جنوری تا21 جنوری 14 فروری تا8 مارچ 1 مئی تا14 مئی 14 جون تا3 جولائی	9 مارچ تا25 مارچ
حوت	26 مارچ تا19 اپریل 4 جولائی تا17 جولائی 28 اکتوبر تا15 نومبر	1 جنوری تا21 جنوری 14 فروری تا25 مارچ

ماۃ الفوائد

قسط نمبر 5

زیر نظر مضمون ایک نادر روحانی و قلمی کتاب ماۃ الفوائد کے اردو ترجمے پر مشتمل ہے۔ انشاء اللہ یہ سلسلہ آنے والے مہینوں میں بھی جاری رہے گا۔ ایڈیٹر راہنمائے عملیات

اللھم انی اوربک فی نحرہ واغوذ بک من شرہ اللھم اکفیتہ بما شئت و کیف شیئت اللھم علیک بفلان بن فلانۃ کی وجہ سے وہ تمہیں عاجز نہیں کر سکے گا۔

اگر کسی کو کسی کا شر یا خوف ہو یا کوئی حاجت کی طلب ہو تو یہ کہے:-

اللھم انی اساء لک خیرہ و خیرما جبلتہ علیہ۔

جس کی وجہ سے خوف ہو تو اس کے پاس جاتے وقت یہ کہے:-

رب ادخلنی مدخل صدق و اخرجنی ومخرج صدق واجعل لی من لدنک سلطانا نصیرا.

اللہ کے حکم سے کوئی چیز بھی اس کو نقصان نہیں دے سکتی۔

کعب الاحبار سے ہے کہ کتاب اللہ سے سات آیات ہیں جب میں ان کو پڑھتا لیتا ہوں مجھے کوئی پرواہ نہیں ہوتی۔ اگر آسمان زمین پر گرے تو میں نجات پاؤں۔

۵. و کاین من دابتہ لا تحمل .... الیٰ قولہ حکیم

۶. ما یفتح الہ الناس من رحمۃ............ الیٰ قولہ حکیم

۷. ولیئن سا لتھممن خلق السمٰوات...... حسبی اللہ علیہ یتو کل المتو کلون.

حدیث میں وارد ہے کہ جو شخص ان آیات کو پڑھے یا اس کو اپنے پاس رکھے۔ اگر اس پر مثل احد عذاب نازل ہو جائے تو ان آیات کی برکت سے اللہ اس کو اٹھا لے گا۔

حضرت علی ابن ابی طالب سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جس نے ان آیات کو صبح و شام وظیفہ بنا لیا تو زمان کی مصیبتوں حوادث زمانہ اور کڑکتی ہوئی بجلی سے امن میں رہے گا۔ اللہ اس کو دشمنوں کے فریب سے محفوظ کرے گا اور وہ آزمائشوں اور تمام قسم کی برائیوں سے پناہ میں آ کر خیمہ امن میں داخل ہو گا۔ اللہ کے حکم سے اسی سے تیری حفاظت ہے۔

بحر الغرائب کا ترجمہ ہر ماہ راہنمائے عملیات میں قسط وار شائع کیا جا رہا ہے۔

۱. قل لن یصینا الا ما کتب اللہ لنا ھو مولانا و علی اللہ فلیتو کل المومنون

۲. و ان یمسک اللہ بضر .... الی فولہ لغفور الرحیم

۳. و حا من دابتہ فی الارض .... الی قولہ مبین.

۴. انی تو کلت علی اللہ و ربکم الیٰ صراطِ مستقیم

اور بعض علماء کے خط سے معلوم ہوا کہ اگر کسی نے پچیس مرتبہ ہر روز یہ پڑھا۔

استغفر اللہ العظیم الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم الذی لا یموت و اتوب الیہ.

یہ پڑھتا ہے تو وہ اپنی ذات، مال اور اولاد سے کسی مکروہ چیز کو نہیں

دیکھے گا۔ یہ نسخہ مجرب ہے۔

فی الاستغفار

بعض صالحین سے روایت ہے کہ ایک مریض کو سخت مرض لاحق ہو گیا اور اس کی آنکھیں بھی گھومنا شروع ہو گئیں۔ اس حالت میں اس نے ملک الموت کو دیکھا وہ اس کو کہہ رہا ہے کہ میں نے تیرے لیے جہنم سے آزادی لکھ دی ہے۔ اس مریض نے کہا ٹھیک ہے اس فرشتہ نے ایک ورق میں کچھ لکھ دیا تو اس مریض نے دیکھا تو اس پر موجود تھا، **استغفر الله، استغفر الله** حتیٰ کہ ظاہر و باطن سے یہ کاغذ بھرا ہوا تھا۔ فرشتہ نے کہا یہ جہنم سے آزادی ہے۔ مریض کو کچھ افاقہ ہوا۔ اس مرض سے وہ بچ گیا تو اس نے ایک زمانے کے بعد اس ورق کو دیکھا اور وہ کتابت اس میں موجود تھی اور تحقیق اللہ نے بھی ارشاد فرمایا کہ جو استغفار کرتے ہیں اللہ ان کو عذاب نہیں دے گا۔

حافظ ابو موسیٰ سے روایت ہے جس کی سند حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ملتی ہے۔ کہ آپ اکثر اس کے پڑھنے کا ارشاد فرماتے:-

لا الہ الا اللہ و الاستغفار و اھلکونی اور فرمایا کہ لا الہ الا اللہ والاستغفار و اھلکتم بالاھواء حتی حبسو انھم محتھدون۔

اور صحیحین میں ہے کہ سید الاستغفار یہ ہے۔

اللھم انت ربی لا الہ الا انت خلقتنی و انا عبدک و انا علی عھدک و عدک ما استطعت اعوذ بک من شر ما صنعت ابو بک بنعمتکعلی ابو ء بذنبیفاغفرلی فانھلا یغفر الذنوب الا انت

جان لو کہ استغفار جیسے گناہوں سے بچاتا ہے اسی طرح رزق میں اضافے کا سبب بنتا ہے۔ اللہ نے ارشاد فرمایا کہ تم اپنے رب سے گناہوں کی معافی مانگو کیونکہ وہ بخشنے والا ہے۔ وہ تم پر آسمان سے رزق اتارے گا۔

ایک دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پانی مانگا تو صرف استغفار کیا۔ ساتھیوں نے کہا کہ آپ کو صرف استغفار سے زیادہ نہیں دیکھا آپ نے فرمایا کہ میں نے آسمان کے مخارج سے بادلوں کو طلب کیا اور پڑھا۔ اللہ کا فرمان:

ترجمہ: استغفار کرو اور پھر اس کی طرف توبہ کرو وہ تمھیں اچھے متاع سے فائدہ دے گا۔ ایک مقررہ مدت تک۔

امام بونی نے اپنی تفسیر مفاتیح الغیب (ذکر الاستغفار) میں ذکر کیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ہر ایک کے لئے کرامت اور برکت مخصوصہ کا مقام ہوتا ہے۔ جس طرح فعل استغفار رزق کی وسعت کے لیے ہوتا ہے۔ جس پر رزق کی تنگی ہو وہ وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے ساتھ **عندہ مفاتیح الغیب لا یعلمھا**............ الایہ پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے ساتھ **و ما من دابۃ فی الارض**............ الایہ۔

اس کے بعد یہ ذکر کرے **استغفر للہ الغفور الرحیم**۔ یہ ذکر ہمیشہ کرے۔ اس سے دوری اختیار نہ کرے۔ اس کی کوئی حد معلوم نہیں ہے۔ بس یہ رزق میں وسعت پیدا کرتا ہے چاہے سستی سے ہو یا تیزی سے۔ بعض اوقات بندہ اپنے گناہ کے سبب رزق سے محروم ہوتا ہے۔ اسے استغفار کرنا چاہئے جو گناہوں کو ختم کر دے۔ اسی طرف اشارہ حضرت نوح علیہ السلام کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ تم اپنے رب سے استغفار کرو کیونکہ وہ غفار ہے۔ آسمان سے تم پر رزق عطا فرمائے گا۔ اس میں حکم ہے اس یاد دھانی کا جس میں اللہ افعال میں سے خاص کر بیان کرتا ہے اس کا ایک جماعت نے بھی حکم دیا جس پر اس کی وجہ سے برکت ظاہر ہوئی۔ اور ان کے لیے رزق کی وسعت کا حصول ہوا۔

فی الصلوٰۃ علی النبی ﷺ

حدیث میں موجود ہے کہ حضرت ابی کعب رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے پوچھا کہ یا رسول اللہ ﷺ میں آپ کیلئے دن میں کتنا درود پڑھا کروں۔ عرض کیا کہ دن کا چوتھائی حصہ۔

آپ نے فرمایا کہ جو تم چاہو اگر زیادہ کر لو تو بہتر ہے۔ پھر عرض کیا کہ نصف آپ نے فرمایا جتنا چاہے اگر زیادہ کر لو تو بہتر ہے۔ عرض کیا، تین حصہ۔ آپ نے فرمایا جتنا چاہے پڑھ لے اگر زیادہ کر لے تو بہتر ہے۔ تو اس نے عرض کیا تمام دن آپ کے لیے درود پڑھوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا تمھارے سارے غم دور ہو جائیں گے۔ اور تیرے گناہ بھی بخش دیئے جائیں گے۔ (رواہ الترمذی)

تمام اذکار نہیں فائدہ دیتے اور نہ ہی قبول ہوتے ہیں۔ مگر

درود شریف عدم حضوری قلب سے بھی قبول ہو جاتا ہے۔ جس طرح قرآن پاک میں ہے۔ پیارے نبی ﷺ نے فرمایا جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھا اللہ اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا۔ اللہ تعالیٰ کے درود سے مراد رحمت ہے۔ کیونکہ بڑا فائدہ رحمت ہی سے ہوتا ہے۔

فقیہ الصالح عمر بن سعید صاحب ویکعب سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ کا ارشاد ہے کہ جس نے آج کی طرح کہا **اللھم صل علی محمد و ال محمد صلوۃ تکون لک رضا ولحقیق فأداء** ۔ تینتیس مرتبہ اللہ تعالیٰ اس کی قبر اور پیارے نبی محمد ﷺ کی قبر کے درمیان دروازہ کھول دے گا۔ جس سے پیارے نبی اس کی طرف اپنی نظر رحمت سے دیکھتے رہیں گے۔ حتیٰ کہ اس کو قبر سے اٹھایا جائے گا۔

بعض صالحین سے ہے کہ جو کہے کہ وہ کسی مصیبت میں گرفتار ہے تو وہ پڑھے۔ **اللھم صل علی محمدن النبی الامی الظاھر الزکی** ۔ یہ درود اس کی مشکل حل کرے گا۔ اور مصیبت دور کر دے گا اور اس کی حاجات پوری ہو جائیں گی۔ تحقیق وارد ہوا کہ کوئی بھی دعا اس وقت تک قبول نہیں ہوتی جب تک اس کے ساتھ درود نبی کا نہ ہو۔

القاضی مجد الدین نے درود کے بارے میں ایک حدیث جس کی اسناد حضرت خضر اور حضرت الیاس سے ذکر فرمائی ہے کہ انہوں نے فرمایا ہم دونوں نے پیارے نبی ﷺ سے سنا آپ نے فرمایا کہ جب تم کسی مجلس میں بیٹھو تو کہو:۔

بسم اللہ الرحمٰن الحیم و صل اللہ علی محمد و آلہ ۔ اللہ عزوجل تمہارے لئے ایک فرشتہ مقرر فرما دیتا ہے جو تمہیں غیبت سے منع کرے گا۔ حتیٰ کہ نہ کوئی تمہاری غیبت کرے گا اور جب تم کھڑے ہو تو یہ کہو **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم و صلی اللہ علیٰ محمد** پس لوگ تمہاری غیبت نہیں کریں گے۔ فرشتہ ان کو اس سے روکتا ہے۔

ایک دوسری حدیث میں ذکر ہے کہ اگر وہ اچھی محفل میں ہو جیسے وہ کسی چراہ گاہ میں ہو۔ ملائکہ کے ساتھ ان کی تعریف کرتے ہیں وہ بھی ایسا کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی کریم ﷺ پر درود پڑھتے ہیں اے ایمان والو تم بھی درود اور سلام کثرت سے پیش کرو۔ روایت ہے کہ کچھ لوگ مسافر تھے۔ ان کا باپ بھی ان کے ساتھ تھا۔ کسی ملک میں ان کے باپ کو مرض لاحق ہو گیا اور مر گیا۔ اس کا چہرہ اور جسم کالا سیاہ ہو گیا۔ اور پیٹ پھولنے لگا۔ میں نے **لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم** پڑھا کہ میرا باپ حالت سفر میں فوت ہوا اور اس حالت میں ہے اس کے جسم سے شدید تعفن پھیلنا شروع ہوا۔ اسی دوران مجھے ایک اونگھ آ گئی۔ میں نے خواب میں خوبصورت اور خوشبودار چہرہ والا شخص دیکھا وہ میرے باپ کے قریب آیا اور اپنا ہاتھ میرے باپ کے بدن پر پھیرا تو میرے باپ کے چہرے کی سفیدی لوٹ آئی۔ جیسے وہ پہلے سفید اور نور والا تھا۔ میں نے کہا تم کون ہو؟ جس نے میرے باپ پر اس طرح احسان کیا ہے۔ تو اس نے کہا میں محمد رسول اللہ ﷺ ہوں۔ تیرا باپ ان میں سے ایک تھا۔ جو فضول خرچ تھے لیکن یہ میرے اوپر درود پڑھا کرتا تھا۔ جب مجھے پتہ چلا تو میں آیا اور اس سے اس کا ازالہ کر دیا۔ راوی کہتا ہے کہ میں بیدار ہوا تو اپنے والد کو سفید اور نور والا دیکھا۔ میں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور اس کے دفن میں جلدی کی۔

فی فضل الذکر

جان لو! کہ جو انسان اللہ کے ذکر کی ہمیشگی کرتا ہے وہ تمام آفات سے محفوظ رہتا ہے۔ حدیث میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے تمہیں ذکر اللہ کا حکم فرمایا ہے۔ بے شک اس کی مثال ایسی ہے کہ جیسا ایک آدمی دشمن کے چنگل سے نکل کر اپنے قلعہ میں چلا جائے۔ جس میں وہ اپنے آپ کو محفوظ کر لے۔ اسی طرح جس نے ذکر اللہ میں دوام اختیار کیا اور اس نے اپنے آپ کو ذکر اللہ کی بوجہ سے شیطان سے محفوظ کر لیا۔ ذکر کے فوائد میں سے ہے کہ یہ ملائکہ کا تحفہ اور رحمت کا نمونہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کا ذکر جو اس کے پاس ہے اس میں کیا کرتا ہے۔ الذاکر جلس اللہ ہے۔ اللہ کا ساتھی۔ یہ تمام حدیث صحیح میں ہے۔ اس سے بڑا فائدہ اور کیا ہے کہ ذکر کرنے والا اللہ تعالیٰ کا ساتھی ہوتا ہے۔ ذکر افضل عمل ہے۔ پیارے نبی ﷺ نے فرمایا کیا میں تمہیں ایسا عمل نہ بتاؤں جو تمہیں فرشتوں کے پاس پاکیزہ کر دے اور تمہارے درجوں میں بلندی کر دے۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ پر ہمیشہ درود و سلام ہو کیوں نہیں .... آپ نے فرمایا اللہ کا ذکر کیا کرو اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

جاری ہے.........

اعمال روزگار کشائش رزق حاجات خاتمہ قرض و مفلسی دست غیب

نماز مغفرت گناہ اور دعا

کشائش رزق

واسطے مغفرت گناہوں کے صحیح مسلم میں ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بعد نماز کے سبحان اللہ ۳۳ بار الحمد للہ ۳۳ بار اللہ اکبر ۳۴ بار پڑھے اور پھر لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ، لہ الملک ولہ الحمد و ھو علی کل شیء قدیر ایک بار کہے اس کے سب گناہ بخشے جائیں گے اگرچہ کف دریا کے برابر ہوں۔ واسطے کشائش رزق اور محفوظی آفات سے بعد ہر نماز فرض کے بعد لقد جاء کم رسول من انفسکم آخر سورہ تک پڑھے مفید ہے۔

نماز فراخی رزق

طریقہ نماز واسطے فراخی رزق کے استغفار ہے جس طرح گناہ بخشے جاتے ہیں اسی طرح رزق کی بھی کشائش ہوتی ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ دو رکعت نماز اس طور پڑھے کہ پہلی رکعت میں بعد الحمد کے آیت و عند مفاتیح الغیب لا یعلمھا الا ھو آخر تک اور دوسری میں وما من دابۃ الا الی علی اللہ رزقھا آخر تک پڑھے پھر استغفر اللہ الغفور رحیم بکثرت پڑھے رزق فراخ ہو۔

کشائش رزق

جب گھر میں داخل ہو قل ھو اللہ احد پڑھ لیا کرے رزق اس کا کشادہ اور وافر ہو جائے یہاں تک کہ وہ شخص تھوڑے ہی عرصہ میں غنی اور مالدار ہو جائے۔

حصول روزگار اور مطلب دلی کے لئے

اگر کسی عورت سے بیاہ کرنا منظور ہو یا بادشاہ سے نوکری مطلوب ہو یا فراخی رزق کی مقصود ہو تو اس آیت شریف کو قل ان الفضل بید اللہ یوتیہ من یشآء واللہ ذو الفضل العظیم لکھ کر اور تعویذ بنا کر بازو میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد مطلب دلی سے کامیاب ہوئے۔

کثرت مال اور بلندی رتبہ

یا حی یا قیوم ایک ہزار بار اور یا وھاب ایک ہزار بار ہمیشہ پڑھا کرے۔ مرتبہ اس کا بلند ہو اور مال و دولت بے شمار حاصل ہو۔

قضائے حاجات و کشائش رزق و ادائے قرض و مہمات

اگر کسی کو کوئی مہم درپیش ہو تو یہ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کرے اور نماز عشاء کے بعد ایک ہزار ایک مرتبہ بسم اللہ بلا ناغہ اکتالیس دن تک پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس روز کے اندر ہی مطلب پورا ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم امنت باللہ العلی العظیم و ذکرک یا محمد کان مع العسر یسرا یا محمد فاذا توکلت علی الحی القیوم. فرغت یا محمد و الی ربک فرغب یا محمد.

واسطے برائے حاجت کے

سورہ یٰسین کو اس طرح پڑھے کہ چھ جگہ وقف کرے۔ ہر وقف میں حاجت کا اپنے دل میں نام لے بفضل الٰہی حاجت روا ہوگی۔ وقف اول یٰسین وقف دوم لمستقرلھا وقف سوم من مرقد نا وقف چھارم ولھم مایدعون سلام وقف پنجم وان اعبدنی ھذا وقف ششم انما امراہ اذا ارادشی ان یقول لہ کن فیکون بعد ازاں یہ مناجات پڑھے۔ اللھم یا حافظ نوح فی الماء و یوسف فی البیرد موسیٰ فی البحر ابراھیم فی النار و محمد صلی اللہ علیہ وسلم فی الغارویوش فی بطن اخوت و ایوب فی البصر یا الہ السماء والارض فاحفظنی من اناۃ الدنیا الاخرۃ کما بفضلک و کرمک یا غیاث المستغثین اغثنا و صلی اللہ علیہ نبینا محمد و آلہ الطاھرین.

واسطے برآنے حاجات

اس اسم کو نوروز بار بار پڑھنے سے بفضل الٰہی حاجت برآئے گی۔ اسم یہ ہے: یا کائنا قبل کل شی صلی علیٰ محمد و آل محمد والفعل بی ما ھو مطلوبی.

واسطے برآنے حاجات و مہمات کے

اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے نقش یہ ہے:

۲۶۳	۲۵۸	۲۶۵
۲۶۴	۲۶۲	۲۶۰
۲۵۹	۲۶۶	۲۶۱

حصول مطلب

اگر کسی کو کوئی مہم درپیش ہو تو اول دو رکعت نماز پڑھ کر شیخ صالح رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو ثواب پہنچائیں، بعدہٗ دوزانو بیٹھ کر ایک ہزار ایک مرتبہ یہ اسم پڑھے باذن اللہ تعالیٰ جو کچھ مطلوب ہوگا کامیابی ہوگی۔ اسم یہ ہے کہ جب یا جبرائیل بحق یا بدیع العجائب بالخیر .

واسطے برائے حاجت

سورۃ الم نشرح کو اس طریق سے پڑھے کہ بعد از نماز صبح و شام بسم اللہ یازدہ مرتبہ ہر روز اکیس دن تک اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے

بسم اللہ الرحمن الرحیم الم نشرح یا محمد لک صدرک یا محمد ورفعنا یا محمد عنک وزرک الذی یا محمد انقض ظھرک یا محمد و رفعنا یا محمد لک

قبولیت دعا کے لئے

ان دو آیتوں میں لفظ اللہ کا دو جگہ متصل ہے۔ جو شخص ان دونوں لفظ اللہ کے درمیان کوئی دعا مانگے انشاء اللہ وہ ضرور قبول ہو۔ آیات یہ ہیں۔ واذا جاء تھم ایاۃ قالوالن نومن حتی توتی مثل ما اوتی رسل اللہ اعلم حیث یجعل رسالۃ. جو مومن جس مطلب کے واسطے یہ دعا پڑھے اور خدا سے درخواست کرے خدا سے وہی مطلب حاصل کرے گا۔ مگر چاہیے کہ جو کام شرع میں حرام ہے اس کے واسطے کبھی دعا نہ کرے۔ دعا یہ ہے:

لا الہ الا اللہ و اللہ اکبر لا الہ الا وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شئی قدیر لا الہ الا اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ.

ہر حاجت پوری ہونے کے واسطے

سورۃ الحمد کو ایاک نستعین تک پڑھے بعدہٗ سورہ اخلاص پڑھ کر اللھم کما جمعت من مقامک واسمائک وفعالک فاجمع بینی وبین حاجتی بحق محمد والہ۔

ہر کام کے واسطے

یارب ایک ہزار مرتبہ رو بہ قبلہ کھڑا ہو کر دونوں ہاتھ سر سے اونچے کر کے داہنے ہاتھ میں تسبیح لے اور دونوں ہاتھ اونچے اور پھیلا کر مسجد یا کسی اور جگہ جہاں سایہ نہ ہو تین دن تک بعد نماز عشاء پڑھے۔ بفضل خدا جلدی مراد حاصل ہو درود شریف گیارہ بار اول و آخر پڑھے۔ درود شریف یہ ہے:

اللھم صلی علیٰ سیدنا محمد و علیٰ آل سیدنا محمد صلوۃ تکشف بھا عنا جمیع القوام والقموم یا حی یا قیوم۔

عمل مقطعات

جو کوئی حروف مقطعات کو حروف ندا سے ملا کر طلوع صبح سے آفتاب نکلنے تک پڑھے جو حاجت ہوگی پوری ہوگی یا قاضی الحاجات اقض حاجتی بحرمۃ سید المرسلین والہ الطاھرین. امین یا رب العالمین.

حاجات بر آنے کے واسطے

ہر روز ستر بار پڑھے سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم آخر میں لکھے بحق سورۃ اعراف حاجت پوری ہوگی۔

عمل بسم اللہ شریف

بسم اللہ شریف کی زکوٰۃ اس طرح دے کہ تین ہزار ایک سو پچیس بار معہ درود شریف اول ایک سو گیارہ بار اور اسی قدر آخر میں چالیس روز تک بلا ناغہ پڑھے۔ بعد اس کے بارہ سو پچاس بار بلا ناغہ ہر روز پڑھا کرے اور درود شریف گیارہ مرتبہ اول اور اسی قدر بعد کو پڑھے۔ پھر جب کوئی ضرورت درپیش ہو تو شروع چاند بعد نماز عشاء بارہ سو پچاس مرتبہ افتح لنا ابواب رحمتک یا ربی درود شریف گیارہ گیارہ بار اول اور اسی قدر آخر میں پڑھے۔ باذن اللہ تعالیٰ اپنی مراد پائے گا۔ درود شریف یہ ہے: اللھم صلی علی محمد بعدد ما خلق وما یخلق۔

عمل برائے حاجات

اگر کسی کو کوئی حاجت پیش آئے تو جمعہ کی رات کو سات مرتبہ سورہ یٰسین پڑھے اور ان سلطانوں کی ارواح کو بخشے دوسرا جمعہ نہ ہونے پائے گا کہ کام اس کا بر آئے گا۔ بحکم اللہ تعالیٰ مجرب ہے۔ اسماء ان سلطانوں کے یہ ہیں سلطان بوسعید، بایزید بسطامیؒ، سلطان محمد صلابت، سلطان اسماعیل سامانی، سلطان سنجر قاضی، سلطان ابراہیم ادہم، سلطان محمود غزنوی، اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھے۔ نیت نفل سے ادا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا مستجاب ہوئے۔

ہر مطلب کے واسطے آیۃ کریمہ

سو مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے آیۃ کریمہ یہ ہے (مولف کا بارہا آزمایا ہوا ہے) بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین۔

برائے وسعت رزق و حصول مراد

ہرروز ایک سوایک مرتبہ پڑھا کرے بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اللہ یا اللہ یا فتاح یا وھاب یا قادر یا رزاق یا غنی یا عزیز برحمتک یا ارحم الراحمین.

واسطے کشائش رزق کے

اس آیت کو بعد ہر نماز پنجگانہ کثرت سے پڑھا کرے آیت یہ ہے۔

اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز.

فراخی رزق اور جس مہم میں چاہے

اس آیت کو پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تنگدستی دور ہو جائے گی اور مہم آسان ہوگی۔ آیت کریمہ یہ ہے۔ ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ ان اللہ بالغ علی امرہ قد جعل اللہ لکل شئی قدرا.

وسعت رزق ہو

جو کوئی ہر نماز پنجگانہ کے بعد کثرت سے پڑھے۔ اللہ تعالیٰ دروازہ رزق کا اوپر اس کے کھول دے گا قل یجمع بیننا ربنا ثم یفتح بیننا بالحق وھو الفتاح العلیم و صلی اللہ علیٰ محمد و آلہ اجمعین.

واسطے کشائش رزق

واسطے کشائش رزق کے بعد ہر نماز پنجگانہ اکیس مرتبہ پڑھا کرے۔

ان ربک یبسط الرزق لمن یشاء و یقدر انہ کان بعبادہ خبیراً بصیرا.

واسطے ادائے قرض

واسطے ادائے قرض وقت معین پڑھا کرے۔ اللھم یا فارج الھم و یا منفس النعم و مذھب الا خوان و یجیب دعوۃ المضطرین یا رحمن الدنیا و رحیما و رحمان کل شئی نارحمنی رحمۃ تغنینی بھا عن رحمتین سوالا و تقضی عن الدنیا.

برائے ادائے دین

بعد ہر فریضہ سہ بار بخواند اللھم صلی علیٰ محمد و ال محمد واقض دینی سھل قضائہ و یسر علیٰ وبحولک وقوتک یا ارحم الراحمین.

واسطے ادائے قرض

بعد نماز مغرب اول و آخر سات سات بار درود شریف پڑھ کر یہ آیت پانچ سو مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد قرض ادا ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم حسبی اللہ و نعیم الوکیل نعم الولیٰ و نعم النصیر.

واسطے کشائش رزق کے

یہ اسم مبارک پانچ سو مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف پڑھ کر یہ اسم مبارک پڑھے۔ اسم یہ ہے۔ یارزاق.

وسعت رزق و تسخیر

یہ دونوں نقش نقرئی تختی پر ساعت سعید میں نقش کرے اور دست راست میں رکھے۔ بحکم رب اس کا ہاتھ رزق سے خالی نہ رہے اور تمام عالم مسخر ہو دونوں نقش یہ ہیں۔

جواد	جلیل	جامع	جبار
جامع	جبار	جواد	جلیل
جبار	جامع	جلیل	جواد

جلیل	جواد	جبار	جامع
۹۴	۱۰۸	۱۰۴	۱۰۱
۱۰۵	۱۰۰	۹۵	۱۰۷
۹۹	۱۰۲	۱۱۰	۹۶
۱۰۹	۹۷	۹۸	۱۰۳

کشائش رزق اور محفوظی آفات

ہر فرض نماز کے بعد لقد جاء کم رسول من انفسکم آخر سورہ تک پڑھے۔ کشائش رزق اور محفوظ رہنے کو آفات سے مفید ہے۔

نماز واسطے فراخی رزق

استغفار سے جس طرح گناہ بخشے جاتے ہیں۔ اسی طرح رزق کی بھی کشائش ہوتی ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ دو رکعت نماز اس طور پر کہ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد آیت وعنده مفاتح الغيب لا يعلمها الا هو آخر تک اور دوسری رکعت میں وما من دابة في الارض الا على الله رزقها آخر تک پڑھے۔ پھر استغفر الله الغفور الرحيم بکثرت پڑھے۔ رزق کی خوب فراخی ہو۔

دفع مفلسی کے لئے

سو بار لاحول ولا قوة الا بالله العلي العظيم ہر روز پڑھ لیا کرے۔ ہمیشہ تو انگر رہے کبھی فقر اور مفلسی اسے نصیب نہ ہو۔

زیادتی رزق کے لیے

نقش انگشتری واسطے کشائش رزق کے پہلی ساعت روز یک شنبہ میں صرف چاندی کی انگوٹھی کے نگینہ پر اس نقش مرقومہ کو نقش کرے۔ جو اس انگوٹھی کو اپنے پاس رکھے عجب بات دیکھے۔ کشائش رزق میں اور جو بطہارت کاملہ بہ تعظیم واحترام اس انگوٹھی کو پہنے رہے ایسی خوبیاں دیکھے کہ حد سے زیادہ ہیں اور نقش یہ ہے:

۵۳	۴۶	۵۱
۴۸	۵۰	۵۲
۴۹	۵۴	۴۷

محتاجی دور

اس عمل کا پڑھنے والا کبھی محتاج نہیں ہوتا۔ غیب سے کسی نہ کسی طرح اس کی مدد ہوتی رہتی ہے۔ دوسرا فائدہ اس عمل کا یہ ہے کہ عامل میں ایک طرح کی ایسی قوت پیدا ہو جاتی ہے کہ اس کو پڑھ کر جس پر پھونک دیا جائے گا وہ خواہ جانی دشمن کیوں نہ ہو خیر خواہ ہو جائے گا اور دوست بن جائے گا۔

اسم اعظم "یا رحمٰن" بڑی برکت اور تاثیر والا اسم ہے اس کی زکوٰۃ اس طرح ادا کریں کہ چالیس روز میں سوا لاکھ مرتبہ پڑھ لیں۔ بہ نیت زکوٰۃ پڑھنا چاہیے۔ جب زکوٰۃ ختم ہو جائے تو اس اسم کو روزانہ صبح ایک سو پانچ مرتبہ پڑھ لیا کریں، مقصد حاصل ہو جائے گا۔

عمل برائے کشائش رزق

یہ عمل حضرت جد امجد علیہ الرحمۃ کی بیاض عملیات سے لیا گیا ہے۔ لکھا ہے کہ بہت مفید ہے۔

يا بديع العجائب بالخير الله الصمد بسم الله الرحمن الرحيم يا حافظ يا رزاق. اس کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ ایک سو مرتبہ بعد نماز صبح آسمان کے نیچے بیٹھ کر سر پر چھت یا کوئی سایہ دار درخت نہ ہو ہمیشہ بلا ناغہ پڑھتا رہے۔ اور اول و آخر درود شریف کو پڑھتا رہے۔

اللهم صلى على محمد و على آل محمد معدن الرزق والفتوحات.

برائے کشائش رزق

یہ عمل بلاناغہ روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھا کریں۔

یا رحمن یا رحیم برحمتک استغیث

اکثر لوگوں کو اس کے پڑھنے سے بڑا فائدہ ہوا ہے۔

فراخی رزق کے لیے ایک خاص عمل

جن لوگوں کو تنگ دستی نے گھیرا ہو وہ یہ تعویذ استعمال کریں۔ انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔ اس تعویذ کو ایک سنہرے کاغذ پر جمعہ کے دن زعفران سے لکھ کر گھر یا دوکان یا ریزگاری میں رکھیں۔ رزق میں فروانی ہوگی اور تنگ دستی دور ہوگی۔

اس نقش کو عمل میں لانے کا طریقہ یہ ہے کہ اکیس روز تک کوئی ایک وقت مقرر کر کے ہر روز اکتالیس نقش لکھیں اور ان کی گولیاں بنا کر چلتے پانی کے کنارے دفن کرتے رہیں۔ یہ عمل جمعرات سے شروع کرنا چاہئے۔ دوران عمل خوشبو جلائیں اور قبلہ رخ بیٹھیں۔ عمل کے آخر میں نیاز دلائیں، عمل جاری ہوگیا ضرورت کے وقت کام میں لائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم	الله	الرحمن	بسم
الرحمن	الرحيم	الرحيم	الله
الله	الرحيم	الرحيم	الرحمن
بسم	الرحمن	الله	بسم

اللهم صلى على سيدنا محمد صلى الله عليه وسلم۔

مالی پریشانیوں کا حل

آج کل لوگ مالی پریشانیوں میں مبتلا ہیں۔ ضروریات زندگی کی تنگی سے انسان پریشان حال ہوتا ہے۔

ہر مسلمان مرد اور عورت کو لازم ہے کہ روزانہ علی الصبح اپنے نام کے اعداد کے مطابق یہ آیت کریمہ پڑھے اور ہمیشہ معمول رکھے۔ بفضلہ تعالیٰ تنگ حال نہ ہوگا۔ آیت کریمہ یہ ہے:

ان الله هو الرزاق ذو القوة المتين۔

برائے کشائش رزق

سورہ مزمل کا پڑھنا کشائش رزق کے لئے نہایت ہی مفید ہے۔

ترکیب پڑھنے کی یہ ہے کہ ایک چلہ تک ہر روز وقت معین پر گیارہ مرتبہ درود پھر گیارہ سو گیارہ مرتبہ یا مغنی پڑھے۔ بعدہٗ گیارہ مرتبہ سورہ مزمل پڑھے اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ جو شخص اس عمل کو کرے گا اللہ تعالیٰ غیب سے طرح طرح کی امداد فرمائے گا۔

بکری کی زیادتی کے لئے

اگر کوئی شخص آیت قل ان الفضل بيد الله يوتيه من يشاء والله واسع عليم يختص برحمة من يشاء والله ذو الفضل العظيم کو جمعرات کے روز باوضو کسی طالع مند آدمی کے کرتے کے ٹکڑے پر اس آیت کو لکھ کر دکان یا مکان یا خرید و فروخت کی جگہ میں لٹکا دے۔ تو بکری خوب ہو۔

عملیات دست غیب

مندرجہ ذیل نقش اسم ذات اللہ کو جس کے اعداد ٦٦ ہیں بعد نماز فجر بروز پنج شنبہ کسی عروج ماہ میں بغیر کسی سے گفتگو کئے ہوئے تنہائی میں بیٹھ کر کم از کم پانچ سو مرتبہ روز لکھیں تو سوا لاکھ مرتبہ ٨ ماہ اور بیس یوم میں ہوگا۔ بعدہٗ ہر روز یہ نقش ایک مرتبہ لکھا کریں اور جمع کرتے رہیں۔ ایک ماہ بعد اس کی گولیاں بنا کر کسی دریا یا نہر میں بہا دیا کریں۔ جب تک سوا لاکھ مرتبہ نقش نہ لکھے جا چکے ہوں گے اس وقت تک ایک ماہ کے بعد دو روپیہ روز اور دو ماہ بعد چار روپیہ روز اسی صورت سے دو روپیہ ہر ماہ بڑھتے چلے جائیں گے اور جب سوا لاکھ مرتبہ پورا لکھا جا چکے تو ایک پونڈ روز تکیہ کے نیچے سے صبح ضروریات سے فارغ ہونے کے لئے جانے سے قبل نکال لیا کریں اور ان کی دستیابی کا کسی کو پتہ نہ دیں۔ اگر کسی دن

کسی وجہ سے نہ لکھ سکیں تب دوسرے دن اس کو دو گنا لکھیں بالکل ناغہ کبھی نہ کریں۔ نقش اسم ذات یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹	۲۶	۲۱
۲۴	۲۲	۲۰
۲۳	۱۸	۲۵

دست غیب

حصولِ دست غیب کے لئے سورہ مزمل شریف ۴۱ مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء ۴۰ دن تک پڑھے۔ چلہ ختم ہونے کے بعد ایک مرتبہ روزانہ پڑھ لیا کرے۔ اول و آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف۔ مجرب و آزمودہ مصنف ہے۔

سورہ مزمل شریف کا عمل مجھے اس طرح پہنچا ہے کہ ہر روز بعد نماز عشاء سورہ مزمل شریف ۱۱ مرتبہ اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار منگل اور بدھ کی درمیانی شب سے شروع کر کے ہمیشہ جاری رکھے اور کبھی ناغہ نہ کرے۔

روپیہ ملے

یا بدیع العجائب بالخیر یا بدیع ۱۴۱ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف ۳-۳ بار، ہر روز روزہ رکھیں اور وقت مقررہ اور جگہ مقررہ پر پڑھیں۔ صرف خشک روٹی یعنی اس کے ساتھ اور کوئی چیز استعمال نہ کریں۔ ۲۰ یوم کے بعد گھی سے لگا کر کھا سکتے ہیں۔ مصلے کے چاروں کونوں پر کیل گاڑ دیں۔ اکتالیسویں دن مصلے کو اٹھائیں اس کے نیچے سے پانچ روپیہ ملیں گے۔ وہ اپنے کام میں نہ لائیں بلکہ کسی مسجد میں تیل یا مصلے خرید کر دے دیں۔ بعدہٗ ہر روز سوتے وقت ۴۱ مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ ہر دوسرے دن صبح کو تکیہ کے نیچے سے ۵ روپے مل جایا کریں گے لیکن کسی کو بتایا نہ جائے ورنہ روپے ملنے بند ہو جائیں گے۔

عمل دست غیب

۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ شریف اول و آخر درود سو سو مرتبہ پچھلی رات کو فجر کی نماز سے پہلے ہی ختم ہو جانا چاہئے۔ اگر کسی وجہ سے کسی روز ناغہ ہو جائے تو دن میں کسی نماز کے ساتھ اس کو پڑھ لینا چاہئے لیکن عادتاً ایسا نہ کیا جائے۔

عمل دست غیب

عشاء کی نماز کی سنتوں اور وتروں کے درمیان سورہ یٰسین شریف پڑھے۔ ہر مبین پر تین مرتبہ تکرار کر کے یا عزیز الوھاب ۴۱ مرتبہ پڑھے سورۃ یسین شریف پھر شروع سے پڑھے۔ اور اس طرح ساتویں مبین پر یــا عــزیــزالـو هــاب پڑھ کر سورہ کو ختم کرے۔ یہ عمل ۴۱ دن تک کرے۔ اول و آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف پڑھے۔ بعدہٗ بیالیسویں دن ایک تنہا مکان میں جا کر مصلی مقررہ پر نماز فجر ادا کرے اور سورہ یٰسین شریف کو ایک بار پڑھے اور ہر مبین کو ۳-۳ بار کہے اور یا عزیز الوھاب ۴۱ بار پڑھے بعدہٗ کمرہ کا دروازہ بند کر کے چلا جاوے ایک گھنٹہ کے بعد اس کمرہ میں جائے مصلی اٹھا کر دیکھے۔ جو دستیاب ہو اس کا کسی سے ذکر نہ کرے اس طرح روزانہ پڑھتا رہے۔ روپیہ غیب سے آتا رہے گا۔

علم دست غیب

لا الہ الا انت اسرافیل اثر کر سبحانک میکائیل جبر کر انی کنت جبرائیل حاضر کر من الظالمین عــزرائیل مدد کر ۳۶۰ مرتبہ پڑھا جائے۔ بعد نماز عشاء ۴۱ دن تک۔ اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار۔ اس دوران میں پرہیز گوشت، مچھلی و مجامعت سے ضروری ہے۔ ۴۱ روز بعد ساڑھے گیارہ روپیہ مصلی کے نیچے سے مل جایا کریں گے۔ یہ وظیفہ تنہا کمرہ میں پڑھا جائے۔ گیارہویں یا اکیسویں دن یہ چاروں فرشتے نمودار ہوں گے لیکن ان سے کوئی بات نہ کی جائے۔ وظیفہ پڑھتے وقت کمرہ میں اندھیرا کر لیا جائے۔

عمل دست غیب

نقش اسم ذات یعنی اللہ جس کے اعداد ۶۶ ہیں۔ نوچندی جمعرات سے شروع کرے۔ جس قدر ہو سکے روزانہ باوضو لکھیں اور آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں۔ کل ایک لاکھ پچاس ہزار لکھنے چاہئیں۔ دن اور وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔ جس قدر لکھ سکیں لکھیں مگر ناغہ نہ کریں۔ تعداد دنوں کی شرط نہیں ہے۔ جب پورا ہو جائے۔ ایک ہزار کے بعد سے

فتوحات شروع ہو جائیں گی جب ختم ہوگا پندرہ روپیہ روزانہ غیب سے ملیں گے۔ نقش یہ ہے:

۱۹۹	۱۹۶	۱۸۹	۲۰۲
۱۹۰	۲۰۱	۲۰۰	۱۹۵
۲۰۴	۱۹۱	۱۹۴	۱۹۷
۱۹۳	۱۹۸	۲۰۳	۱۹۲

دست غیب

صبح سونے سے اٹھتے وقت ۱۱ مرتبہ یا باسط پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے منہ پر پھیرے۔ اسی طرح بعد از طعام کرے دست غیب حاصل ہوگا۔

روزانہ خرچ ملے

شب کو سوتے وقت اسم یا عزیز کو ۹۲ مرتبہ پڑھے اور سو رہے۔ صبح اٹھ کر بغیر کسی سے بات کئے ہوئے اسلام علیک یا عبدالرحیم بائیں ہاتھ کی طرف اسلام علیک یا عبدالکریم داہنے ہاتھ کی طرف، اسلام علیک یا عبدالقدیر سامنے، اسلام علیک یا عبدالرشید پیچھے ایک ایک مرتبہ لباس شب باشی میں پڑھے۔ کسی دن ناغہ نہ ہو۔ روزمرہ کا خرچ مل جایا کرے گا۔

عمل سورہ مزمل شریف برائے دست غیب

ہر قمری ماہ کے شروع کے تین دن میں یہ عمل پڑھا جائے۔ خواہ بعدہٗ نماز عشاء رات کو یا صبح بعد نماز فجر، سورہ مزمل شریف تین دن روزانہ ۱۲۰ مرتبہ اول و آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں بعدہٗ دعا مانگیں۔ اس وظیفہ کو تین دن ختم کرنے کے بعد چوتھی شب سے دو رکعت

نفل بعد نماز عشاء پڑھیں۔اول رکعت میں بعد الحمد شریف سورہ مزمل 21 مرتبہ، دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ مزمل ۲۰ بار پڑھیں۔یہ عمل متواتر چاند کی آخری تاریخ تک جاری رکھیں۔بعدہٗ پھر ماہ قمری کی شروع کی تین تاریخوں میں متذکرہ بالا طریق کے مطابق عمل پڑھیں پھر چوتھے دن سے ہر روز بطریق متذکرہ بالا ہر روز ۴۱ بار سورہ مزمل شریف پڑھتے رہیں اور یہ سلسلہ برابر جاری رکھیں تا زیست یا جب تک جی چاہے۔

ہر ماہ کے شروع کی تین تاریخوں میں پرہیز ترک جلالی و جمالی کرنا ہوگا یعنی سوائے جو کی روٹی بغیر نمک کی اور انگور اور بادام اور جو کے ستو جس میں انگور کی شکر یعنی گلوکوس ڈال سکتے ہیں۔ان کے علاوہ سوائے پانی کے اور کوئی چیز استعمال نہیں کر سکتے۔اس عمل کے کرنے سے غیب سے روپیہ برابر ملتا رہے گا۔یہ عمل خزانہ کی کنجی کا کام کرتا ہے۔بے شمار روپیہ ملتا رہے گا۔

عمل دست غیب وحل جمیع مشکلات وتسخیر خلائق مجرب

بعد نماز تہجد اول گیارہ مرتبہ درود شریف سر برہنہ کر کے کھڑے ہو کر ہاتھ پھیلا کر پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین تا ولا الضالین ۴۱ مرتبہ بعدہٗ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ہاتھوں پر دم کر کے منہ پر پھیر لیں اور ہر طرف پھونکیں اور اسی طرح سے فجر کی سنت اور فرض کے درمیان پڑھیں۔

عمل دست غیب

فجر کی سنتوں کے بعد ۷ مرتبہ یا عزیز پڑھیں، بعدہٗ بسم اللہ الرحمن الرحیم ایک مرتبہ بعدہٗ درود شریف ۳ مرتبہ۔

بعدہٗ سیدھے ہاتھ کی انگلیوں پر انگوٹھے سے شروع کر کے کھیعص پڑھیں۔

بعدہٗ الٹے ہاتھ کی انگلیوں پر انگوٹھے سے شروع کر کے حمعسق پڑھیں۔

بعدہٗ درود شریف ۳ مرتبہ اس کے بعد ہاتھوں پر دم کر کے منہ پر پھیر لیں۔

بعدہٗ درود شریف ۱۱ مرتبہ سر برہنہ کھڑے ہو کر ہاتھ پھیلا کر بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین تا آخر ۴۱ مرتبہ پڑھیں۔

بعدہٗ درود شریف ۱۱ مرتبہ پڑھیں۔

بعدہٗ ہاتھوں پر دم کر کے منہ پر پھیر لیں اور چاروں طرف پھونکیں۔

اگر تہجد کے وقت پڑھنے کا موقع نہ ملے تو فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس عمل کو پڑھیں۔اس کے پڑھنے سے دست غیب، تسخیر خلائق وحل جمیع مشکلات ہوگا۔(اس عمل کے ساتھ کوئی پرہیز نہیں ہے)جو فتوحات آنے لگیں تو ان کا کسی سے ذکر نہ کیا جائے۔

عمل دست غیب

اس عمل کے کرنے والے کو چاہئے کہ تین روزے رکھے منگل، بدھ اور جمعرات کو اور کوئی حیوانی چیز نہ کھائے رات دن لوبان کی دھونی جلاتا رہے۔ان تین دن میں ایک ہزار بار سورہ قل او حی الھی اللھم انی اسئلک پڑھے۔دوسرے دن ۳۳۳ مرتبہ اور تیسرے دن ۳۳۴ مرتبہ اور پڑھنا نصف شب جمعہ میں ختم ہو۔اس وقت اس کا موکل حاضر ہوگا اس کا نام ابو یوسف ہوگا جو جنات کا بادشاہ ہے عمل کرنے والا اس

سے کہے کہ میرا حق تم پر واجب ہے اور تم دیکھتے ہو کہ میں کتنی تنگی میں ہوں۔اب میں تم سے چاہتا ہوں کہ تم میری مدد کرو حلال چیز کے ساتھ جس سے میں حج کروں اور اپنے اہل وعیال کے نفقہ کی خبر لوں خدا تم کو اجر دے گا۔

برائے دست غیب

حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم ۱۱۱۱ مرتبہ بعد نماز تہجد خشوع وخضوع کے ساتھ پڑھیں اول ۱۱۱ مرتبہ درود ابراہیمی اول اور آخر میں درود ابراہیمی دوم ۱۱۱ مرتبہ پڑھیں۔تقوے کی ضرورت ہے۔حقوق الہیٰ میں کمی نہ کی جائے اور پنجگانہ نماز پابندی کے ساتھ ادا کرے۔۱۲ ربیع الاول، و عاشورہ اور رجب کی ستائیس تاریخ کا روزہ رکھا کرے۔

عمل دست غیب

جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب کو سوتے وقت باوضو لیٹ کر سر شمال کی طرف اور پیر جنوب کی طرف اور منہ قبلہ کی طرف کر کے اول ۳ مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد ایک سانس میں آیۃ الکرسی علی العظیم تک پڑھیں اور اپنے سیدھے ہاتھ پر دم کریں اور قبلہ کی طرف دم کریں پھر سیدھے ہاتھ کو سر کے نیچے رکھ کر اسی طرح کل ۱۴ مرتبہ آیۃ الکرسی ایک ایک سانس میں پڑھیں اس کے بعد ۳ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور بغیر کسی سے کلام کئے ہوئے سو جائیں۔یہ عمل چودہ روز تک اسی طرح سے روزانہ کریں، بستر پاک ہونا چاہئے، جماع سے پرہیز لازمی ہے۔اگر ۱۴ دن میں کامیابی نہ ہو تو اسی طرح سے پھر عمل کریں۔

برائے دست غیب

سورہ مزمل شریف ۴۱ مرتبہ روزانہ ۴۱ یوم تک بعد نماز عشا پڑھیں اول وآخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار چلہ ختم ہونے کے بعد ۱۱ مرتبہ روزانہ پڑھا کریں۔

خط / منی آرڈر

خط یا منی آرڈر فارم کے سب سے نچلے حصے پر اپنا کوائف نام، نام والدہ، پتہ اور مقصد صاف اور واضح تحریر کیا کریں۔جواب طلب امور کے لیے اپنا پتہ لکھا جوابی خط لازم ارسال کریں۔

غیبی امداد

یا حافظ یا ناصر یا معین یا مالک یوم الدین بحق ایاک نعبدو و ایاک نستعین ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھیں اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار اس کے پڑھنے سے غیب سے روپیہ ملے گا اور ہر کام میں کامیابی ہوگی۔

عمل دست غیب

اس عمل کی ابتدا مہینہ کی پہلی جمعرات کو کریں۔اس طریقہ سے کہ ایک کمرہ ایسا ہو کہ جہاں کسی غیر کا قدم نہ پہنچے، یہاں تک کہ غیر کا سایہ بھی نہ پڑے۔اس کے بعد پانچ چاندی یا سونے کے سکے لیں۔ایک پر جبرائیل دوسرے پر میکائیل تیسرے پر اسرافیل چوتھے پر عزرائیل اور پانچویں پر ابراہیم علیہ السلام لکھیں۔چاروں سکوں کو مکان کے چاروں کونوں میں دفن کریں اور ابراہیم والے سکہ کو بیچ کمرہ مکان میں دفن کریں اور اس پر جانماز بچھا دیں۔جانماز کے چاروں طرف لوہے کی کیلیں گاڑ دیں۔جب جمعرات کا دن آئے غسل کر کے اس کمرہ میں داخل ہو جائیں اور پاک کپڑے پہن کر اس جانماز پر دو رکعت نماز اس طریقہ سے پڑھیں کہ سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الفتح پانچ بار پڑھیں۔ایسے ہی دوسری رکعت بھی پڑھیں۔پھر سجدہ میں جا کر دعا کریں کہ الٰہی میری دعا قبول کر۔اس کے بعد سجدہ سے سر اٹھا کر ایک ہزار سات سو ستر مرتبہ نیچے لکھی ہوئی آیت پڑھیں۔اس کے بعد سو مرتبہ درود شریف پڑھیں۔اس کے بعد کمرہ سے باہر چلے جائیں۔جب ایک ہفتہ گزر جائے جانماز

کا کونہ اٹھا کر دیکھیں۔ اگر چاروں سکے ایک جگہ جمع ہو گئے ہوں تو عمل سمجھیں کہ حاصل ہو گیا ورنہ ایک ہفتہ اور اسی طریقہ سے عمل کریں۔ انشاء اللہ چوتھے ہفتہ میں ضرور عمل حاصل ہو جائے گا۔ ابراہیم والا سکہ اپنے پاس رکھیں، باقی چار خرچ کرتے جائیں جب تک ابراہیم والا سکہ رہے گا تب تک خیر و برکت رہے گی۔ آیت یہ ہے:

واذ قال ابراھیم رب ارنی کیف تحی الموتٰی قال اولم تومن قال بلیٰ ولکن لیطمئن قلبی قال فخذ اربعة من الطیر فصر ھن الیک ثم اجعل علیٰ کل جبل منھن جزءاً ثم ادعھن یا تینک سعیاً واعلم ان اللہ عزیز حکیم۔

جمیع مشکلات کے لئے

پارہ ۳ رکوع ۳ الم ترالیٰ الذی حآج سے **واللہ لا یھدی القوم الظٰلمین** تک تین ہزار پچیس مرتبہ اول و آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف۔

ترکیب یہ ہے، نوچندی جمعرات کو اول غسل کرنے بعد نماز عشاء مندرجہ بالا آیت پڑھنا شروع کرے۔ غسل کے بعد پاک کپڑے پہنے، عطر لگائے، لوبان سلگائے۔

تنگ دستی دور کرنے کا عمل

اللھم اکفعنی بحلالک عن حرامک و اغننی بفضلک عمن سواک۔

صد بار روزانہ بخواند (۲) درود تاج ۷ مرتبہ روزانہ بعد نماز فجر پڑھے۔

کاروبار، دولت، عزت، حکومت

اس نقش کو اپنے پاس رکھیں ہر طرح کی کامیابی اور سعادت اور دولت اور عزت حاصل ہوگی۔

۷۸۶

ولقد	فتنا	سلیمان	والقینا	علی کرسیہ	جسداً	ثم اناب
مختتا	فتنا	سلیمان	والقینا	علی کرسیہ	جسداً	ثم اناب
سلیمان	فتنا	سلیمان	والقینا	علی کرسیہ	جسداً	ثم اناب
والقینا	فتنا	سلیمان	والقینا	علی کرسیہ	جسداً	ثم اناب
علی کرسیہ	فتنا	سلیمان	والقینا	علی کرسیہ	جسداً	ثم اناب
جسداً	فتنا	سلیمان	والقینا	علی کرسیہ	جسداً	ثم اناب
ثم اناب	فتنا	سلیمان	والقینا	علی کرسیہ	جسداً	ثم اناب

برائے بقائے نعمت و عدم زوال دولت

اس آیت کو لکھ کر اپنے گھر کے دروازہ پر رکھدے۔

ولو اذدخلت جنتک قلت ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ۔

برائے ترقی روزگار و عزت

بعد نماز صبح یا عشا ایک مقررہ تعداد میں **یا مالک الملک یا ذوالجلال والاکرام** پڑھے۔

یا دائم العز والبقاء یا اواھب الجود والعطاء یا ودود ذالعرش المجید فعال طایرید ربنا انزل علینا مائدۃ من السماء تکون لنا عیدً ولنا و آخرنا و آیۃ منک وارزقنا

وانت خیر الرازقین یا تنکفیل بحق یا صمد الغفار ذاالمن علی جمیع خلقه بلطفه یا صمد.

بعد نماز مغرب مسجد سے باہر جا کر دو سو ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھے اول و آخر یہ درود شریف ۱۱-۱۱ بار پڑھے اللھم صل علی محمد و آله بقدر حسنه و جماله.

برائے ادائیگی قرض

بعد نماز فجر و بعد نماز مغرب تین تسبیح الله الصمد پڑھیں روزانہ جب تک قرض ادا نہ ہو اول و آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف۔ انشاء اللہ قرض ادا ہو جائے گا۔

برائے ادائیگی قرض

توبه استغفار استغفر الله ربی من کل ذنب و اتوب الیه ایک تسبیح فجر کی نماز سے قبل اور ایک تسبیح بعد نماز عشا پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف ۳-۳ بار۔

مقروض نہ رہے

اگر پہاڑ کے برابر بھی قرض ہو گا تو اللہ تعالیٰ ادا کرے گا۔ مقروض یہ دعا پڑھا کرے۔ اللھم اکفنی بحلالک عن حرامک واغننی بفضلک عمن سواک.

قرض ادا ہو

قل اللھم مالک الملک توتی الملک تا بغیر حساب پڑھا کرے۔ اگر پہاڑ برابر بھی قرض ہو گا تو وہ ادا ہو جائے گا۔ ہر نماز کے بعد ۵-۵ مرتبہ۔ رزق کا دروازہ کھل جائے گا اور تنگی معاش جاتی رہے گی

دروازہ رزق

اگر کوئی باوضو شخص ۱۴ رجب کی شب کو اپنے صدر دروازہ کے اوپر ذیل کا نقش موٹے خط میں سرخ روشنائی سے لکھ دے تو اس کے لئے رزق کا دروازہ کھل جائے گا اور تنگی معاش جاتی رہے گی۔ جب اسے کامیابی نظر آئے ایک روپیہ چار آنے بطور نذر شکرانہ اللہ کی راہ پر خیرات کرے۔ نقش یہ ہے:

۷۶	۸۰	۸۳	۶۹
۸۲	۷۰	۷۵	۸۱
۷۱	۸۵	۷۸	۷۴
۷۹	۷۳	۷۲	۸۴

نقش جب بھرا جائے تو ہندسوں کی ترتیب سے بھرا جائے یعنی ۶۹ سے شروع ہو اس کے بعد ۷۰ پھر ۷۱ جب نقش پورا ہو جائے تو اوپر نیچے سب طرف سے میزان لگا کر دیکھ لیں کہ ۳۰۸ آتے ہیں۔ جو اسم رزاق کے عدد ہیں۔

نوٹ: ایک روایت میں آیا ہے کہ شب برات کی رات کو یہ نقش لکھا جائے۔

اعمال توسیع رزق حلال

یا ذالعرش العظیم اصنع ما شئت وانا رزقنا علیک ۱۰-۱۰ مرتبہ بعد نماز فجر و عشا پڑھا کریں۔ ترجمہ اے بڑے عرش والے کر جو تو چاہے ہمارا رزق تیرے ذمہ ہے۔

نقش برائے کشائش رزق

یہ نقش برائے رزق وغیرہ اپنے بازو پر باندھیں۔

منعم	فتاح	وھاب	رزاق
منعم	فتاح	وھاب	وھاب
منعم	فتاح	وھاب	فتاح
منعم	فتاح	وھاب	منعم

بازو پر باندھیں۔

صلاۃ تفریجۂ قرطبیہ

شیخ محمد تونسی کہتے ہیں جو شخص اس درود کو ہر روز گیارہ بار پڑھے گا گویا آسمان سے رزق اترتا ہے زمین سے رزق اگتا ہے۔

اللھم صل صلاۃ کاملة وسلم سلاما تاما علی سیدنا محمد تنحل به العقد و تنفرج به الکرب و تقضی به الحوائج وتنال به الرغائب وحسن الخواتم و یستقی الغمام بوجهه الکریم و علی آله و صحبه فی کل لمحة و نفس بعدد کل معلوم لک۔

توسیع رزق

بسم الله الرحمن الرحیم لا حول ولا قوت الا بالله العلی العظیم سو بار سلام قولا من الرب الرحیم سو بار۔

ھو الحبیب الذی ترجیٰ شفاعة لکل ھول من الاحوال مقتحم سو بار یا حیی یا قیوم برحمتک استغیث سو بار۔

فراخیٔ رزق

یا رزاق ۳۰۰ مرتبہ بعد نماز عشا اول و آخر درود شریف ۱۰۰، ۱۰۰ مرتبہ۔

فتوحات و کشائش رزق

بعد نماز فجر ۱۱ مرتبہ روزانہ درود نجات پڑھنا چاہئے۔

بسم الله الرحمن الرحیم اللھم صل و سلم وبارک علی سیدنا و نبینا محمد ن النبی الامی واله و صحبه وسلم صلوۃ تنجینا بھا من جمیع الاحوال والافات وتقضلنا بھا من جمیع الحاجات و تطھرنا بھا من جمیع السیات و ترفعنا بھا عندک اعلی الدرجات و تبلغنا بھا اقصی الغایات من جمیع الخیرات فی الحیات و بعد الممات۔

انک علی کل شئی قدیر۔

برائے فتوحات کثیرہ

درود شریف ۱۱ مرتبہ، بسم اللہ شریف ۷۵ امرتبہ، اعوذ بالله ۷۵ امرتبہ، الله لطیف بعباده یرزق من یشاء بغیر حساب ۷۵ امرتبہ۔ بسم اللہ شریف ۷۵ امرتبہ اعوذ باللہ ۷۵ امرتبہ درود شریف ۱۱ مرتبہ

مال کثیر کے لیے

صبح کے وقت چالیس روز تک دو رکعت نماز نفل پڑھ کر بارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور بارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر آسمان کی طرف دم کرے۔ بعدہٗ سو مرتبہ و من یتق الله یجعل له مخرجا و من حیث لا یحتسب ومن الیتوکل علی الله فھو حسبه ان الله بالغ امره قد جعل الله لکل شئی قدرا پڑھ کر آسمان کی طرف دم کرے تو اس قدر مال ملے گا کہ حساب سے باہر ہوگا، درو دیوار سے گرے گا۔

فراوانی رزق کے لیے

صبح کو سو کر اٹھیں تو بلا کسی سے بولے ہوئے گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

بسم الله الرحمن الرحیم یا الله المحمود کل فعاله یا الله اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ مرتبہ ہفتہ عشرہ میں رزق کے ڈھیر لگ جائیں گے۔

رزق فراخ ہو

سورہ فاتحہ ایک بار، سورہ الم نشرح ۳ بار، سورہ انزلنا ۱۱ مرتبہ روزانہ بعد نماز فجر برائے فراخی رزق نہایت مجرب ہے۔

کشائش رزق کے لئے

یا وھاب ۴۶ مرتبہ ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱

مرتبہ پڑھنے سے کشائش رزق ہوگی۔

برائے ترقی رزق و مراتب

یا حی یا قیوم برحمتک استغیث بعد نماز عشاء ۵۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھے۔

فرمودہ غوث الاعظم

یا اللہ یا رحمن یا رحیم یا حی یا قیوم ۷۰۰ مرتبہ روزانہ کسی ایک مقررہ وقت پر یا ایک سو مرتبہ صبح ایک سو مرتبہ شام روزانہ بلا ناغہ پڑھے۔

فاقہ نہ ہو

جو شخص ہر روز سو بار لاحول ولا قوت الا باللہ العلی العظیم پڑھے گا اس کو کبھی فاقہ نہ ہوگا۔

افلاس دور ہو

اہل طریقت کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص ہر روز ۱۰۳۵ مرتبہ یا کریم یا وھاب یا ذوالطول پڑھے۔ تو اس کا افلاس دور ہو جائے گا اور کشائش رزق ہوگا۔

تنگی معاش، کشائش رزق

حضرت بابا فرید گنج شکر نے فرمایا کہ حضرت قطب الدین اوشی قدس سرہ العزیز نے فرمایا کہ جسے تنگی معاش ہو وہ کشائش کے لئے یہ پڑھے

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا دائم العز والملک والبقایا یا ذالمجد والعطایا یا ودود و ذالعرش المجید الفعال ان یرید۔

عطیہ

اللھم الرزقنی رزقاً طیبہ بلا کد واستجب دعائی بلا رد اعوذبک ان الفقر والدین و شماتۃ الاعدا سبحان الذی بیدہ الملکوت کل شئی والیہ ترجعون اللھم صل علی سیدنا محمد و بارک وسلم فجر کی نماز کے بعد ہر روز ۱۱-۱۱ بار پڑھیں۔

ترقی روزگار کے لیے

سورہ والضحیٰ والیل اذا سجا تین مرتبہ روزانہ بعد نماز فجر اول و آخر درود شریف ۳-۳ بار

ترقی روزگار کے لئے

بعد نماز فجر و مغرب ہر روز ۳-۳ بار سورہ حشر کی آخری تین آیات یعنی ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو عالم الغیب والشھادۃ تا آخیر پڑھیں اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار پڑھیں۔ آیات پڑھنے سے قبل تین مرتبہ اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں۔ برائے ترقی و روزگار روحانی کمال حاصل کرنے کے لئے اس کی مداومت کریں۔

برائے ترقی روزگار

سبحانک لا الہ الا انت یا رب کل شئی و وارثہ ورازقہ و راحمہ ۵۵۵ مرتبہ روزانہ پڑھیں یعنی ہر نماز کے بعد ۱۱۱ مرتبہ یا کسی وقت میں ۵۵۵ مرتبہ پڑھیں۔

360 درجات دائرۃ البروج کے عملیاتی خواص و منسوبات

درجات بروج کے موضوع پر ایک نایاب تحریر جس کی ہر عامل اور ماہر نجوم کو ضرورت ہوتی ہے۔

خالد اسحاق راٹھور

علم نجوم کی روح سے دائرۃ البروج تین سو ساٹھ (360) درجات پر مشتمل ہے۔ قواعد نجوم ہمیں بتاتے ہیں کہ اِن میں سے ہر درجہ ایک خاص قوت کا حامل ہوتا ہے اور اس کو عملیاتی مقاصد کے لیے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ ماہرین نجوم و عملیات نے عملیاتی مقاصد کے لیے ہر درجہ کو ایک خاص شکل سے منسوب کیا ہے اور ہر درجہ کو ایک خاص عنوان اور دیگر امورات سے منسلک کر دیا ہے جن کو دوران عملیات مدنظر رکھنا لازم ہوتا ہے۔ اس موضوع پر آج تک اردو زبان میں کوئی تحریر سامنے نہیں آتی ہے۔ طمطم ہندی اور دیگر قدیم ماہرین نے اس موضوع پر کافی کچھ تحریر کیا ہے لیکن اردو زبان میں پہلی بار عملیات اور نجوم کے سربستہ رازوں کو قارئین راہنمائے عملیات کے لیے بیان کیا جارہا ہے۔

واضح رہے کہ ''بابلین اور ترک'' کی کتب میں جو بیان کیا گیا ہے کہ فلک پر فلاں درجہ نے طلوع کیا وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب اسرار و رمز ہے تاکہ سوائے اہل ظرف اور علم کے راسخ ملکہ مضرات کے کوئی دوسرا آدمی ان کی معرفت نہ حاصل کر سکے۔

ان (رموز و اسرار) کا مقصد (مطلوب) یہ ہے کہ ہر وہ درجہ جو انسان کی شکل وصورت میں طلوع ہو تو اس سے لوگوں میں خوشی و فرحت

کی دلیل مراد لی جاتی ہے۔

اور یہ جو کہا گیا ہے کہ (مثلاً) فلاں درجہ انسان کے علاوہ کسی اور جاندار کی شکل و صورت میں طلوع ہوتا ہے تو یہ اسی نوع پر اپنی شکل و صورت کی ھیت کے مطابق اثر کرتا ہے۔

اس طرح اسد (شیر) اور درندوں میں اس کے مشابہہ حیوانً کوشش و ہمت اور طاقت و غلبہ کی دلیل ہے اس طرح لو ہے کی (شکل ظاہر ہونے) کی دلیل ہے۔ اور رنگوں کا ظاہر ہونا لوگوں میں لذت و سرور کی دلیل ہے اور تمام باتیں جو کہی گئی ہیں ان میں جو درست اور صحیح اشیاء کی شکلیں ظاہر ہوں تو فرحت و خوشی، قوت و غلبہ، سعادت دولت و ثروت اور امن و سلامتی کی دلیل ہے۔

اور جب مختلف و غیر مناسب شکلیں (تصاویر) ظاہر ہوں تو یہ مخالفین اور عداوت رکھنے والے لوگوں کی دلیل ہوگی اور عداوت و بغض اور تفریق کے عمل کرنے والوں کے لیے ہیں۔ اور جو کچھ اس میں نحوست نحس چیز (منحوس جانور) کا ذکر کیا گیا ہے تو اس سے نحوست کی دلیل مراد لی جاتی ہے۔ اور وہ درجہ کہ جس میں شکل انسان کے ساتھ اسلحہ اور لوہا وغیرہ ہو تو اس کی دلیل قوت، مضبوطی،

بحر الغرائب

تجلیات ربانی فی خواص اسماء رحمانی

قسط 5

زیرنظر مضمون عربی کتاب ''بحر الغرائب'' کے ترجمے پر مشتمل ہے۔ مجھے یقین ہے کہ قارئین ہماری اس محنت سے جو ہم عربی کتب کو اردو میں شائع کرنے کے لیے کر رہے ہیں مستفید ہوں گے اور ہمارے کام کو سراہیں گے۔ ایڈیٹر راہنمائے عملیات

کسی بزرگ نے فرمایا ہے جو شخص اسماء الٰہیہ کے ورد کا آغاز کرنا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ وہ چند شرائط کی پابندی کرے۔ اسماء کا ورد کرنے سے پہلے درج ذیل شرائط کی پاسداری ضرور ہے۔

تقویٰ و پرہیز گاری اختیار کرے، ورد کے آغاز سے کم از کم چالیس دن پہلے اس بات کا خیال رکھنا شروع کرے۔ صرف حلال اشیاء کھائے اور پیئے، صالحین ومشائخ کی زیارت اپنا معمول بنالے، اپنے منہ سے کوئی فحش بات نہ نکالے، بلاضرورت لوگوں سے میل جول نہ رکھے، بہت زیادہ گفتگو سے پرہیز کرے، خاموشی اختیار کرے، اپنی استطاعت کے مطابق صدقہ و خیرات کرے، اگر ممکن ہو سکے تو روزانہ غسل کرے، ہمیشہ باوضو رہے، پاک

بحر الغرائب کا ترجمہ ہر ماہ راہنمائے عملیات میں قسط وار شائع کیا جا رہا ہے۔

صاف کپڑے پہنے، عطر و خوشبو استعمال کرے، بہتے پانی کے قریب چہل قدمی کیا کرے، اکثر و بیشتر نفلی روزے رکھا کرے، اپنے والدین کی (قبروں کی) زیارت کرے، اگر وہ زندہ ہوں تو ان کے ساتھ بہت زیادہ عزت و احترام کے ساتھ پیش آئے۔ نیز عدد کبیر سے مدد حاصل کرے۔

الرحمن، الرحیم

اسماء کا ورد کرتے ہوئے عدد کبیر سے مراد تکسیر کے ذریعے حاصل ہونے والا عدد ہے، اگر تکسیر کرنا ممکن نہ ہو تو ایک ہزار (1000) کی تعداد بھی دعوت کبیرہ شمار ہوگی۔

منقول ہے کہ اگر کوئی شخص 40 دن تک روزانہ 5500 مرتبہ اس اسم کا ورد کرے تو تمام مخلوقات بشمول چرند و پرند اس سے انسیت رکھنے لگیں گے۔ سلاطین و حکام اس کے احکام کی بجا آوری کریں گے۔ اسے چاہیے کہ ہمیشہ یہ ورد جاری رکھے۔ اگر اس تعداد میں پڑھنا ممکن نہ ہو تو جس قدر ہو سکے اس اسم کا ورد جاری رکھے۔ ویسے اگر روزانہ 1000 مرتبہ بھی ورد کرے تو ان فوائد سے مستفید ہو سکتا ہے۔

بزرگ فرماتے ہیں۔ اس اسم کی برکت سے ارواح اور قلوب مسخر ہو جاتے ہیں۔

ایک اور بزرگ کا فرمان ہے۔ الرحمٰن، الرحیم کا ورد ان لوگوں کو اپنا معمول بنانا چاہیے جو پریشان حال ہوں، جو شخص بھی ان اسماء کا ورد اپنا معمول بنائے گا وہ قرض، قید وغیرہ جیسی تمام دنیاوی مشکلات سے محفوظ رہے گا کیونکہ لوگ اس کے ساتھ مہربانی کا برتاؤ کریں گے اور اسے محبوب رکھیں گے۔

ان اسماء کا ورد 557 مرتبہ روزانہ کے حساب سے 9 دن تک جاری رکھنا چاہیے۔ یہ اسماء الف لام کے ہمراہ (یعنی الرحمٰن، الرحیم) یا پھر یا کے ہمراہ (یارحمٰن، یارحیم) پڑھ سکتے ہیں۔

اگر دونوں اسماء کو عدد کی شکل میں لکھنا ہو تو یہ چار چار خانوں والے مربع کی صورت میں اس طرح لکھے جائیں گے۔ اس نقش کی برکت سے آفات و بلیات سے بہت جلد چھٹکارا حاصل ہو جاتا ہے۔ دشمن مغلوب ہو جاتا ہے۔ دشمن پر کامیابی حاصل ہوتی ہے، مخلوق کے دل میں اس شخص کی محبت پیدا ہو جاتی ہے، ایسا شخص غموں سے دور اور تمام امراض سے محفوظ رہتا

ہے۔اس کا کلام مقبول ہوتا ہے۔اور اس نقش کا حامل اللہ تعالیٰ کی حفظ و امان میں ہوتا ہے۔

۷۸۶

م	ی	ح	ر
ح	ر	م	ی
ر	ح	ی	م
ی	م	ر	ح

۷۸۶

۶۴	۶۷	۷۰	۷۵
۶۹	۵۸	۶۳	۶۸
۵۹	۷۲	۶۵	۶۲
۶۶	۶۱	۶۰	۷۱

”الملک“

(یعنی وہ بادشاہ جو تمام مخلوقات کا نگہبان ہو)

جو شخص اس اسم کی برکت سے دعا کرنا چاہتا ہو اسے چاہیے کہ وہ اس اسم کی تعظیم کرے۔(انشاءاللہ) اس کی مراد پوری ہوگی اور وہ مخلوق کی محتاجی سے محفوظ رہے گا اور وہ مخلوق کو بھی اپنی طرح اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں فقیر، عاجز اور محتاج تصور کرے گا۔اسے عالم ملکوت سے عطایا حاصل ہوں گے۔ بزرگ فرماتے ہیں کہ اس اسم کا ورد کرنے والا کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔

اس اسم مبارک کا روزانہ 9 مرتبہ ورد کرنے والا شخص دنیا اور آخرت میں لوگوں سے بے نیاز ہوگا۔ایک مرتبہ ایک شخص حضرت شیخ جلال الدین محمود کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی اے شیخ آپ نے اللہ تعالیٰ کے تمام اسماء کے خواص بیان کئے ہیں نیز ان کی الواح اور اعداد کی بھی نشاندہی کی ہے۔لیکن ”الملک“ اور ”الکبیر“ کی بابت کچھ ذکر نہیں کیا۔شیخ نے جواب دیا۔میں نہیں چاہتا کہ عوام اس اسم کے خواص پر مطلع ہوں کیونکہ یہ چیز ان کے لیے وبال جان بن جائے گی۔صرف اسی وجہ سے میں نے ان اسماء کے خواص ذکر نہیں کئے۔آپ نے مزید ارشاد فرمایا جو شخص مذکورہ شرائط کے ہمراہ باقاعدگی کے ساتھ روزانہ 9000 مرتبہ ”یا ملک“ کا ورد کرتا رہے وہ سلطنت اور ملوکیت حاصل کرے گا اور ہر چیز اس دعوت کے قاری کی سمت کی طرف لوٹتی ہے۔سلطنت کا معنی ”عالم معنی“ ہے اور ملوکیت سے مراد ”عالم صوری“ ہے۔انشاءاللہ ہم اس اسم کے بڑے بڑے خواص مناسب مقام پر ذکر کریں گے۔

”القدوس“

(یعنی وہ ذات جو ہر عیب اور نقص سے پاک ہو)

جو شخص روزانہ زوال کے وقت اس اسم مبارک کو ایک سو ستر (170) مرتبہ پڑھے گا اس کا دل صاف ہو جائے گا اور وہ نفس کے شر اور شیطان کے وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔کسی اور بزرگ نے فرمایا ہے کہ اس اسم کا ورد کرنے والے شخص کا باطن پاک و صاف ہو جاتا ہے اور اس کے دل سے نفاق دور ہو جاتا ہے۔اہل تحقیق فرماتے ہیں کہ جو شخص روزانہ 111 مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا وہ تمام ظاہری و باطنی امراض سے نجات پا جائے گا۔نیز جو شخص جمعہ کے دن روٹی کے ٹکڑے پر ”سبوح، قدوس رب الملٰئکۃ و الروح“ لکھے اور اس روٹی کو کھالے تو ایسے شخص میں فرشتوں کی صفات پیدا ہو جاتی ہیں۔

”السلام“

(یعنی ہر عیب اور نقص سے منزہ و بری ذات)

جو شخص کسی بیمار کی شفاء کی نیت سے اس اسم کو ایک سو اکتیس (131) مرتبہ پڑھے گا تو وہ مریض تندرست ہو جائے گا۔اسی طرح اگر اس اسم کو تین سو اٹھارہ (318) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی دشمن کو پلا دیا جائے تو وہ اس سے محبت کرنے لگے گا۔اہل تحقیق فرماتے ہیں جو شخص اس اسم کا ورد اختیار کرنا چاہتا ہو اسے چاہیے کہ وہ اپنے نفس کو کمتر شمار کرے اور روزانہ 111 مرتبہ اس اسم کا ورد کرے۔اللہ تعالیٰ اس کے دل کو تمام امراض سے محفوظ رکھے گا اور اسے جنت میں داخل کرے گا۔اس اسم کے اعداد 131 ہیں اور ایک اور روایت کے مطابق اس کے اعداد 162 ہیں۔جب ان اعداد کو مربع کی شکل میں لکھ کر رکھا جائے تو اس اسم کی برکت سے وہ شخص جذام اور برص بلکہ تمام امراض سے محفوظ رہے گا۔

”المومن“

(یعنی وہ ذات جو اپنے وعدے پورے کرنے والی ہو)

جو شخص اس اسم کو چاندی پر منقش کروالے اور طہارت کے ساتھ اس چاندی کی حفاظت کرتا رہے تو ایسا شخص شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا، اس کے دشمن اس پر تسلط حاصل نہیں کر سکیں گے اور اس کا ایمان محفوظ رہے گا۔

اہل طریقت فرماتے ہیں جو شخص اس اسم کو روزانہ 167 مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اسے شیطان کے ظاہری و باطنی وساوس اور مکر و فریب سے محفوظ رکھے گا نیز اس کے دشمن اس پر غلبہ حاصل نہیں کر سکیں گے۔

اہل تحقیق فرماتے ہیں جو شخص چاندی کی انگوٹھی پر ''المومن'' کے حروف طریقہ تکسیر کے مطابق منقش کروائے اور حروف نقش کرواتے وقت دھونی بھی دے اور پھر بعد میں وہ انگوٹھی اپنی انگلی میں پہنے اور پھر ہمیشہ باوضو رہے، اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھے تو انشاء اللہ وہ شخص مکر کرنے والوں کے مکر سے، دھوکے بازوں کے دھوکے سے اور طعنہ زنی کرنے والوں کے طعنوں سے محفوظ رہے گا، اسے اپنے دشمن پر غلبہ حاصل ہوگا، سلاطین اور حکام کی نگاہوں میں اس کی ہیبت طاری ہوگی، اللہ تعالیٰ اسے تمام ظاہری اور باطنی بلاؤں سے محفوظ رکھے گا۔ اگر کوئی شخص یہ انگوٹھی پہننے کے بعد روزانہ 696 مرتبہ اس اسم کا ورد کرے یا اسے عدد تکسیر کے برابر پڑھے تو اس کا اثر بہت زیادہ ہو جائے گا۔ اس اسم کے عدد تکسیر 1121 ہیں۔

''المھیمن''

(یعنی اللہ تعالیٰ تمام ظاہر اور پوشیدہ چیزوں کا جاننے والا ہے)

جو شخص غسل کرنے کے بعد 100 مرتبہ اس اسم کو پڑھ لے تو اس پر باطنی اثرات منکشف ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

مشائخ فرماتے ہیں کہ جو شخص اسرار باطن پر مطلع ہونا چاہتا ہو اسے چاہیے کہ وہ روزانہ غسل کرے اور عدد تکسیر کے مطابق یعنی 1040 مرتبہ روزانہ اس اسم کا ورد کرے۔ یاد رہے کہ غسل کرنے کے بعد کسی سے کلام نہ کرے۔ چالیس یا ستر دن تک اس عمل کو جاری رکھے تو اپنا ہدف پورا کرے گا اور لوگوں کی سوچ پر مطلع ہو جائے گا۔ اس کا باطن اس طرح پاک وصاف ہو جائے گا کہ وہ خود حیران رہ جائے گا۔ اس پر فیوضات کی اس قدر بارش ہوگی کہ وہ ظاہری اشیاء کی طرف توجہ کرنے کے قابل بھی نہیں رہے گا۔ جب یہ حالت ہو جائے اور مقصود حاصل ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ روزانہ 100 مرتبہ کا ورد جاری رکھے۔

اگر طریقہ تکسیر کے مطابق چاندی کی انگوٹھی پر اسے نقش کروا لیا جائے اور وہ انگوٹھی پہن لی جائے تو ہمیشہ عافیت اور پاکیزگی کی زندگی بسر کرے گا۔

اگر اس نقش کو دعوت سے پہلے بنوایا ہو اور انگوٹھی ہاتھ میں پہن رکھی ہو تو اس اسم کا ورد کرتے ہوئے اس انگوٹھی پر نظر رکھے تو اپنی مراد حاصل کرے گا۔

اسے بلند مرتبہ اور عزت و بزرگی حاصل ہوگی، وہ شخص مخلوق سے بے نیاز ہو جائے گا اس اسم اور اس انگوٹھی کی برکت سے یہ حالت و کیفیت بڑھتی چلی جائے گی۔

''العزیز''

(یعنی محترم، عظیم اور کفر، نفع ونقصان سے پاک ذات)

جو شخص فجر کی نماز کے بعد 41 مرتبہ اس اسم کا ورد کرے گا وہ مخلوق کا محتاج نہیں ہوگا اور جو شخص ہمیشہ اس کا ورد جاری رکھے گا وہ لوگوں کے نزدیک محبوب اور معزز شمار ہوگا۔ اہل تحقیق فرماتے ہیں کہ جو شخص اس اسم کا ورد شروع کرنا چاہے اسے چاہیے کہ وہ لوگوں کے ساتھ عزت واحترام کا برتاؤ کرے تاکہ اللہ تعالیٰ اسے بھی عزت دے اور وہ دنیا و آخرت میں سرخرو ہو جائے۔ جو شخص لوگوں کے نزدیک معزز و محترم ہونا چاہیے اسے چاہیے کہ وہ اس اسم کا ورد جاری رکھے۔ جو شخص باقاعدگی کے ساتھ فجر کی نماز کے بعد عدد تکسیر کے مطابق یعنی 750 مرتبہ یا ایک اور قول کے مطابق 838 مرتبہ اس اسم کا ورد جاری رکھے گا تو وہ معزز و محترم ہو جائے گا۔ ورد کرنے والے کو اختیار ہے کہ وہ ان دونوں میں سے کسی بھی عدد کے موافق ورد کر سکتا ہے۔ روزانہ اس تعداد کے مطابق اس اسم کا ورد کرنا چاہیے۔ اس کے شروع اور آخر میں 'یا معزاعزنی بعز تک یا عزیز' پڑھے۔ جہاں تک ہو سکے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ہدیہ درود پیش کرے اور قرآن پاک کی آیات کی تلاوت کرے۔ بطور خاص اس آیت مبارکہ کی تلاوت کرے۔

''لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیه ماعنتم حریص علیکم بالمومنین رئوف الرحیم''۔

جو شخص اس آیت کو چار خانوں والے تعویذ کی شکل میں اس طرح تحریر کرکے اپنے ہمراہ رکھے گا وہ حکام اور تمام مخلوق کے نزدیک معزز و محترم ہو گا۔ سب اس کی بات کو اہمیت دیں گے، اس کے دشمن ذلیل و رسوا ہوں گے۔ جو شخص اس سے مقابلہ کرے گا مغلوب ہوگا اور اسے ہر ادنیٰ و اعلیٰ کے نزدیک عزت حاصل ہوگی۔

جاری ہے..........

آپ کا پتھر

خالد اسحاق راٹھور

پتھر اور انسان کا تعلق شاید اتنا ہی قدیم ہے جتنا کہ انسانی ذہانت کی کہانی۔ اس طویل عرصے میں پتھر کبھی مادی افادیت کبھی روحانیت اور کبھی اپنی خوبصورتی کے باعث انسانی تہذیب کا ایک ناقابل فراموش حصہ رہے ہیں۔ انسان نے اپنی حفاظت اور شکار کے لیے سب سے پہلے پتھروں سے بنے ہتھیاروں کی ہی مدد حاصل حاصل کی۔ آگ سے روشناس کروانے کا سہرا بھی پتھروں کے سرہی جاتا ہے۔ جہاں پتھر نے انسان کی حفاظت کا فریضہ انجام دیا۔ اس کو اپنے دشمنوں یعنی دیگر جان داروں پر غالب کیا اور اس کو شکار کرنے کی صلاحیت دی وہاں پتھروں کے ذریعے آگ جلا کر اس شکار کو پکا کر کھانے کی فراست بھی دی۔ روشنی کو منعکس کرنے اور پھیلانے کے لیے ایک عرصہ تک غاروں کے اندر پتھر استعمال ہوتے رہے۔

روحانی اور مادی ترقی کے ساتھ ساتھ انسان نے پتھروں کی مزید خصوصیات کا کھوج لگایا۔ ان کا استعمال انسانی خوبصورتی میں اضافے، مال و دولت کے حصول، تجارت کے مقاصد اور روحانی اور جسمانی قوتوں کو طاقت دینے کے ساتھ دوسرے انسانوں کی جان لینے کے لیے بھی استعمال ہونے لگا۔

جواہرات

وہ پتھر جو عام پتھروں کی نسبت خاص خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں اور خوش قسمتی یا حصول صحت یا روحانی اور طبی اُمور میں استعمال ہوتے ہیں حرف عام میں نگینے یا جواہر کہلاتے ہیں۔ یہ جواہر بلحاظ قیمت بھی مہنگے ہوتے ہیں۔ کمیاب، خوبصورت اور خاص کوالٹی کے جواہر عام آدمی ہی کیا بعض حالتوں میں اچھے خاصے دولت مندوں کی قوت خرید سے باہر ہوتے ہیں۔ تاہم جواہرات کی ایک بڑی تعداد کی قیمت اتنی ہوتی ہے کہ عام آدمی بھی ان کو خرید سکتا ہے۔

نقلی و اصلی پتھر

پتھر ہمیشہ اصلی لینا چاہیے۔ گو نقلی پتھر ہمیشہ سے ہی بنتے چلے آرہے ہیں لیکن آج کل جدید سائنس کی بدولت نقل کے کام نے بہت ترقی کر لی ہے۔ اصل سے بہتر نقل دستیاب ہے۔ جو قیمت میں بھی کم ہوتا ہے۔ تاہم میرا مشورہ یہ ہے کہ ان نقلی پتھروں کے استعمال سے کوئی فائدہ نہیں اُٹھایا جا سکتا۔ سو زیادہ پیسے نہیں ہیں تو سستا پتھر خرید لیں لیکن ہو اصل۔ اگر اصل ہوگا تو اس کا فائدہ ہوگا ورنہ نہیں۔ نقلی پتھر ایسے ہی ہے جیسے آپ نے رنگ دار شیشہ یا پلاسٹک پہن رکھا ہو۔

تفصیل جدول جواہرات بمعہ دیگر منسوبات

بروج	عرصہ حکومت	حاکم کوکب	منسوبی حروف	منسوبی رنگ	منسوبی پتھر	دھات	دن
حمل	21 مارچ تا 21 اپریل	مریخ	ا، ل، ع، ص، ی	سرخ	مرجان، حجر الدم، عقیق یمنی، اوپل، یاقوت	تانبہ، لوہا	منگل
ثور	21 اپریل تا 21 مئی	زہرہ	ب، و	نیلا	الماس، ہیرا، در نجف، مرجان سرخ، موتی	پیتل، تانبہ	جمعہ
جوزا	21 مئی تا 22 جون	عطارد	ک، ق	زرد، سرخی مائل	زمرد/ پنہ، برجد، پکھراج	پیتل، تانبہ	بدھ
سرطان	22 جون تا 23 جولائی	قمر	ح، ہ	سفید، ہلکا نیلا	موتی، حجر القمر، پکھراج زرد، عقیق زرد، لہسنیہ، نیلم	ٹن	پیر
اسد	23 جولائی تا 23 اگست	شمس	م	سنہرا، اورنج	یاقوت، لعل، مانک، عقیق، مرجان، نیلم	سونا	اتوار
سنبلہ	24 اگست تا 22 ستمبر	عطارد	پ، غ.	گہرا زرد	لاجورد، کار کینک، زرقون، عقیق زرد، زبرجد، اوپل	ٹن	بدھ
میزان	23 ستمبر تا 23 اکتوبر	زہرہ	ر، ت، ط	ہلکا گلابی، نیلا	سنگ دودھیا، ہیرا، پکھراج، در نجف، لہسنیہ، مرجان	تانبہ، پیتل	جمعہ
عقرب	24 اکتوبر تا 20 نومبر	پلوٹو، مریخ	ظ، ذ، ض، ز، ن	گہرا سرخ	مرجان، عقیق سرخ، یاقوت، ہیرا	لوہا، تانبہ	منگل
قوس	20 نومبر تا 21 دسمبر	مشتری	ف	ہلکا ارغوانی	پکھراج زرد، زمرد، فیروزہ، لہسنیہ	ٹن، سونا، چاندی	جمعرات
جدی	21 دسمبر تا 20 جنوری	زحل	ج، خ، گ	گہرا نیلا، سلیٹی	نیلم، گاؤ میدک، پلک، عقیق یمنی، موتی، در نجف	سونا، پلاٹینم	ہفتہ
دلو	21 جنوری تا 18 فروری	زحل، یورانس	س، ش، ص، ث، ٹ، ڈ	سیاہ	عقیق یمنی، نیلم	پلاٹینم	ہفتہ
حوت	19 فروری تا 20 مارچ	مشتری، نیپچون	د، چ	تیز سبز	لاجورد، سنگ یشب، پکھراج سفید، در نجف، لاجورد	ایلومینم	جمعرات

ساڑھ ستی کیا ہے؟

خالد اسحاق راٹھور

نحوست زحل' ساڑھ ستی اور ڈھایہ ایسے معاملات ہیں جن کے بارے میں مختلف قارئین مختلف طریق سے سوال تحریر کرتے رہتے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ عام آدمی بلکہ کسی پیر فقیر یا عامل کو بھی یہ بات مکمل طور پر سمجھانا مشکل ہے کہ نحوست زحل' ساڑھ ستی اور ڈھایہ کیا ہوتے ہیں اور ان کے بارے میں حتمی فیصلہ کس طرح کیا جا سکتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اِن اُمور کو سمجھنے کے لیے علم نجوم کی سمجھ ہونا بہت ضروری ہے جو کہ ہمارے ہاں کم لوگوں کو ہے۔ زیادہ تر لوگ بس سنی سنائی پر چلتے ہیں۔ یا کسی سے ایک لفظ سن لیا تو اس کو ہر ایک پر لاگو کر دیا۔ بہر حال ذیل کی سطور میں مختصر طور پر بیان کرتا ہوں تا کہ کسی نہ کسی حد تک ''راہنمائے عملیات'' کے قارئین اِن اُمور سے واقف ہوں۔

نحوست زحل

زحل کو ہمارے ہاں بلا سمجھے ہی نحس خیال کر لیا گیا ہے اور اس کو ہمیشہ ہی بد سے بدتر اثرات دینے والا خیال کیا جاتا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ جن لوگوں کے زائچوں میں یہ شرف یا اوج کی حالت میں ہوتا ہے یا سعد گھر ہوتا ہے۔ ان کو زندگی میں لاتعداد فوائد بھی دیتا ہے۔

اس کے برعکس جب ہبوط' حضیض وغیرہ یا دشمن کے گھر یا نحس نظر یا نحس گھر کے تحت ہو تو اپنی طاقت کے حساب سے نحوست کا اظہار کرتا ہے۔

وہ قارئین جو اپنے زائچہ کے حوالے سے زحل کے اثرات کا جامع جائزہ حاصل کرنے کے خواہش مند ہوں وہ ''خالد روحانی جنتری'' کے صفحہ نمبر ۱۱۷ پر دیئے اشتہار کو توجہ سے پڑھ لیں۔

ساڑہ ستی

یہ زحل کی وہ حالت ہے جب یہ زائچہ کے بارھویں' پہلے اور دوسرے گھروں میں مسلسل حرکت پذیر رہتا ہے۔ یہ کم و بیش ساڑھے سات سال کا عرصہ بنتا ہے اور اکثر لوگوں پر اس عرصہ میں کافی نحس اثرات واقع ہوتے ہیں۔ عقل کا کام نہ کرنا' کاروبار میں نقصان' تعلیمی ناکامی' غلط فیصلے' خرابی صحت' مقدمات اور لڑائی جھگڑا اور ایسے لاتعداد مسائل سے واسطہ پڑتا ہے۔ اس وجہ سے زحل کا یہ عرصہ انتہائی ناقص تصور کیا جاتا ہے اور اس سارے عرصے اور مسائل کو بیک وقت بیان کرنے کے لیے تکنیکی علامت ''ساڑھ ستی'' استعمال کی جاتی ہے۔

ڈھایہ

مندرجہ بالا ساڑھے سات سال کی بجائے زحل جب ڈھائی سال کے لیے کسی کو متاثر کرتا ہے تو اس عرصہ کو ڈھایہ کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ یاد رہے کہ زحل ایک برج میں ڈھائی سال رہتا ہے۔ جب یہ اپنی نشتی

ساڑھ ستی اور ڈھایہ کی نحوست سے محفوظ رہنے کا ایک خاص عمل

حالت کے باعث کسی گھر میں نحس اثر دیتا ہے تو یہ نحس اثر فرد پر ڈھائی سال تک رہتا ہے اور اس حوالے سے ڈھایہ کہلاتا ہے۔ (نوٹ کر لیں ڈھایہ اور ساڑھ ستی الگ الگ ہیں)۔

ساڑھ ستی 29 سال کے عرصے میں ایک دفعہ آتی ہے جبکہ ڈھایہ تین چار مرتبہ آسکتا ہے۔ اس حوالے سے مکمل اور تفصیلی ذاتی معلومات آپ ادارے سے مقررہ فیس ادا کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

نحوست زحلؒ کا عملیاتی حل

ذیل کی سطور میں ایک عمل تحریر کر رہا ہوں "راہنمائے عملیات اور خالد روحانی جنتری" کے تمام خریداروں کو اپنی ذات کے لیے اس کو استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ عمل قدرے پیچیدہ ہے لیکن ہے موثر' سود فع نحوست کے لیے تھوڑی سے محنت توجہ کے ساتھ کر لیں۔

خیال رہے کہ بہت سے خواتین و حضرات پورا عمل توجہ سے پڑھے بغیر ہی فون ہاتھ میں پکڑ لیتے ہیں کیونکہ فون کال اتنی سستی ہو گئی ہے کہ روٹی اس کے سامنے مہنگی نظر آتی ہے۔ ایسے تمام خواتین و حضرات فون کی بجائے جوابی خط کے ذریعے رابطہ کریں۔ لیکن مضمون پہلے دو تین دفعہ توجہ سے پڑھ لیں۔ شکریہ۔

عمل یوں ہے۔ نام سائل' نام والدہ سائل ایک سطر میں تحریر کریں۔ دوسری سطر میں یہ اسماء تحریر کریں۔

سلام۔ صمد۔ واسع۔ حمید۔ وکیل۔ سمیع۔ جامع

اور تیسری سطر میں حروف نورانی جو کہ درج ذیل ہیں تحریر کریں۔

"ا' ح' ہ' ط' ی' ک' ل' م' ن' س' ع' ص' ق' ر"

بسط حرفی کرنے کے بعد ان سب کو ایک کو ایک سطر میں تحریر کر لیں' یہ آپ کی بنیادی سطر ہے۔ اس کی تکسیر تیار کریں۔ اگر طاق سطور کی تکسیر ہو تو اول سطر' درمیانی سطر اور آخری سطر کو الگ سے لکھ لیں۔ (خیال رہے یہ تین الگ الگ سطور ہوں گی)۔

اگر جفت سطور کی تکسیر ہو تو اول سطر' درمیان سے دو سطور اور آخری سطر کو الگ سے تحریر کر لیں۔ یہ کل چار سطور ہوں گی۔

ان تمام سطور کی جو عددی قیمت ہو اس کو مفرد کر لیں۔

جو مفرد عدد ہو اس کو بنیادی سطر جو کہ عمل کی ابتداء میں بنائی تھی کے ہر حرف کے نیچے لکھتے جائیں۔

جب یہ عمل مکمل ہو جائے تو بنیادی سطر کے ہر حرف کو نیچے تحریر کردہ عدد کے مطابق تبدیل کر دیں۔ مثلاً اگر پہلا حرف "ب" ہے اور اس کے نیچے 2 مفرد عدد تحریر ہے تو اس کا مطلب یہ ہے "ب" سے دوسرا حرف اب "ب" کی جگہ آئے گا۔ یعنی "د"۔ یہ تبدیلی دائرہ قمری کے مطابق ہو گی۔

تبدیلی حروف کے بعد جو نئی سطر وجود میں آئی ہے۔ اس میں جن حروف کی تکرار ہو رہی ہے ان کو ختم کر دیں اور یہ خاتمے کا عمل سطر کے آخر سے شروع کریں۔ اب جو سطر باقی بچی ہے اس کے کل اعداد حاصل کر لیں۔ ان اعداد سے چار نقوش تیار کریں۔

اگر ممکن ہو تو چاندی کے پترے پر ورنہ کاغذ پر تحریر کر لیں۔ نقوش میں چاروں چالیں استعمال ہوں گی۔ بادی' خاکی' آبی اور آتشی۔ ان چاروں چالوں کی مناسبت سے یہ نقوش یا الواح استعمال ہوں گی۔ بادی کسی درخت کے ساتھ لٹکا دیں' خاکی زمین میں دفن کر دیں' آبی پانی میں بہا دیں اور آتشی کسی اونچی جگہ ننگے آسمان کے نیچے کسی وزن کے نیچے رکھ دیں۔ جگہ ایسی ہو جہاں دھوپ لازم آتی ہو۔

مضمون کے آخر میں دی گئی چالوں میں سے بادی چال کے حساب سے ایک لوح چاندی پر کندہ کریں اور یہ سائل اپنے پاس رکھے۔

عمل میں جو اسمائے الٰہی استعمال ہوئے ہیں ان کو نقش کے اعداد کی تعداد میں روزانہ پڑھنا ہے۔ اگر طوالت عمل کے باعث یہ ممکن نہ ہو تو اعداد کی عددی قیمت کو باہم جمع کر کے مفرد عدد حاصل کر لیں اور اتنے سو دفعہ ان اسماء کو پڑھ لیں۔

صدقہ

ہفتہ کے دن مغرب کے بعد لیکن عشاء سے پہلے کالا کپڑا' کالے چنے' سرسوں کا تیل' کالے ماش' زندہ کالی مرغی' زندہ جنگلی کبوتری میں سے کسی ایک یا زیادہ اشیاء کا صدقہ اپنی گنجائش کے مطابق دیں۔ کم از کم سات ہفتے یا

مسائل کے حل ہونے تک ۔ یہی صدقات زیادہ نحس اثرات محسوس کرتے ہوں تو جمعرات کے دن بھی شام کے وقت دے سکتے ہیں۔

جواھر

نیلم لاجورد عقیق اور پکھراج استعمال کر سکتے ہیں۔ ہیرا بھی زحل کے تحت استعمال کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ تاہم اس سارے عمل کے حوالے سے میں اسے استعمال نہ کرنے کا مشورہ دوں گا۔ اس کے لیے ذاتی حساب لازم کروالیں ورنہ نقصان زیادہ بھی ہوسکتا ہے۔

پتھر اصلی اور معیاری ہونا چاہیے۔ تاہم اگر معیار زیادہ اچھا نہ ہو تب بھی پتھر داغی' ناقص یا ٹوٹا ہوا نہیں ہونا چاہیے۔ پلاسٹک یا چائنہ یا ہانگ کانگ کے جعلی' پلاسٹک یا مصالحے کے پتھر لینے سے بہتر ہے کوئی پتھر استعمال ہی نہ کریں۔ اس قسم کے جعلی جواہر آپ کی کیمسٹری میں کوئی مثبت تبدیلی نہیں لاسکتے۔

آتشی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

خاکی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

کل اعداد میں سے 30 تفریق کریں اور باقی کو چار سے تقسیم کر دیں۔ تقسیم کرنے سے باقی قسمت ایک بچے تو خانہ 13 میں ایک کا اضافہ' 2 بچے تو خانہ 9 میں ایک کا اضافہ اور اگر 3 بچے تو خانہ 5 میں ایک کا اضافہ کریں۔

تسخیر موکل ذاتی

خالد اسحاق راٹھور

تسخیر موکل و ہمزاد کے یوں تو آپ نے کئی قواعد پڑھے ہوں گے اور شاید کسی ایک یا چند ایک پر عمل بھی کیا ہو۔ کون سا عمل درست ہے؟ کس طرح کیا؟ کیا مشکلات پیش آئیں؟ اور کیا نتائج حاصل ہوئے؟ اس سے قطع نظر ذیل کی سطور میں موکل (ذاتی) کے استخراج کا ایک حقیقی' حتمی اور مجرب طریقہ تحریر کر رہا ہوں۔ اس کی تعریف کرنے کی بجائے عمل کی طرف آتے ہیں۔

عمل تسخیر موکل ذاتی

- دائرہ قمری سے نام بمعہ نام والدہ کے اعداد استخراج کریں۔
- تمام اعداد کا میزان حاصل کریں۔
- بلحاظ مراتب ان اعداد کے حروف لے لیں۔
- جو حروف برآمد ہوں ان کے آگے ایل کا اضافہ کر دیں۔
- نام کے اعداد کو ضرب فی النفسہ دیں۔
- جو عدد آئے اس کی تعداد کے مطابق روزانہ حاصلہ اسم کا ذکر کریں۔
- ایک چلہ چالیس دن پر مشتمل ہے۔
- کسی مسئلہ کی صورت میں یہ ریاضت تین چلوں تک کی جاسکتی ہے۔
- عمل بلا اجازت نہ کریں۔ کیونکہ ایسے اعمال میں جان و مال کا خطرہ ہوتا ہے اور راہنمائی اشد ضروری ہوتی ہے۔ اجازت کے طالب اپنے مکمل کوائف بمعہ جوابی خط ارسال کریں۔ فون پر اجازت طلب نہ کریں۔

قارئین "تسخیر موکل ذاتی" کا مکمل قاعدہ بیان کر دیا گیا ہے۔ کوئی دوست یہ پوچھنے کے لیے خط تحریر نہ کرے کہ کیا یہ قاعدہ مکمل ہے یا نہیں۔ یا آپ نے کچھ چھپا تو نہیں لیا۔ کچھ پوشیدہ تو نہیں --- بالکل نہیں --- یہ قاعدہ مکمل ہے۔ تاہم اگر پھر بھی کوئی بات جواب طلب ہو تو اپنے سوال جوابی خط کے ہمراہ ارسال کریں۔ ورنہ جواب سے معذرت۔ ☆☆☆☆☆☆

آپ کا پتھر

خالد اسحاق راٹھور

پتھر اور انسان کا تعلق شاید اتنا ہی قدیم ہے جتنا کہ انسانی ذہانت کی کہانی۔اس طویل عرصے میں پتھر کبھی مادی افادیت کبھی روحانیت اور کبھی اپنی خوبصورتی کے باعث انسانی تہذیب کا ایک ناقابل فراموش حصہ رہے ہیں۔انسان نے اپنی حفاظت اور شکار کے لیے سب سے پہلے پتھروں سے بنے ہتھیاروں کی ہی مدد حاصل کی۔آگ سے روشناس کروانے کا سہرا بھی پتھروں کے سر ہی جاتا ہے۔جہاں پتھر نے انسان کی حفاظت کا فریضہ انجام دیا۔اس کو اپنے دشمنوں یعنی دیگر جان داروں پر غالب کیا اور اس کو شکار کرنے کی صلاحیت دی وہاں پتھروں کے ذریعے آگ جلا کر اس شکار کو پکا کر کھانے کی فراست بھی دی۔روشنی کو منعکس کرنے اور پھیلانے کے لیے ایک عرصہ تک غاروں کے اندر پتھر استعمال ہوتے رہے۔

روحانی اور مادی ترقی کے ساتھ ساتھ انسان نے پتھروں کی مزید خصوصیات کا کھوج لگایا۔ان کا استعمال انسانی خوبصورتی میں اضافے' مال و دولت کے حصول' تجارت کے مقاصد اور روحانی اور جسمانی قوتوں کو طاقت دینے کے ساتھ دوسرے انسانوں کی جان لینے کے لیے بھی استعمال ہونے لگا۔

جواہرات

وہ پتھر جو عام پتھروں کی نسبت خاص خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں اور خوش قسمتی یا حصول صحت یا روحانی اور طبی اُمور میں استعمال ہوتے ہیں حرف عام میں نگینے یا جواہر کہلاتے ہیں۔یہ جواہر بلحاظ قیمت بھی مہنگے ہوتے ہیں۔کمیاب' خوبصورت اور خاص کوالٹی کے جواہر عام آدمی ہی کیا بعض حالتوں میں اچھے خاصے دولت مندوں کی قوت خرید سے باہر ہوتے ہیں۔تاہم جواہرات کی ایک بڑی تعداد کی قیمت اتنی ہوتی ہے کہ عام آدمی بھی ان کو خرید سکتا ہے۔

نقلی و اصلی پتھر

پتھر ہمیشہ اصلی لینا چاہیے۔کونقلی پتھر ہمیشہ سے ہی بنتے چلے آرہے ہیں لیکن آج کل جدید سائنس کی بدولت نقل کے کام نے بہت ترقی کر لی ہے۔اصل سے بہتر نقل دستیاب ہے۔جو قیمت میں بھی کم ہوتا ہے۔تاہم میرا مشورہ یہ ہے کہ ان نقلی پتھروں کے استعمال سے کوئی فائدہ نہیں اُٹھایا جا سکتا۔سو زیادہ پیسے نہیں ہیں تو سستا پتھر خرید لیں لیکن ہو اصل۔اگر اصل ہوگا تو اس کا فائدہ ہوگا ورنہ نہیں۔نقلی پتھر ایسے ہی ہے جیسے آپ نے رنگ دار شیشہ یا پلاسٹک پہن رکھا ہو۔

تفصیل جدول جواہرات بمعہ دیگر منسوبات

بروج	عرصہ حکومت	حاکم کوکب	منسوبی حروف	منسوبی رنگ	منسوبی پتھر	دھات	دن
حمل	21مارچ تا21اپریل	مریخ	ا' ل' ع' س' ی	سرخ	مرجان' حجر الدم' عقیق یمنی' اوپل' یاقوت	تانبہ' لوہا	منگل
ثور	21اپریل تا21 مئی	زہرہ	ب' و	نیلا	الماس' ہیرا' در نجف' مرجان سرخ' موتی	پیتل' تانبہ	جمعہ
جوزا	21 مئی تا22 جون	عطارد	ک' ق	زرد' سرخی مائل	زمرد' پنہ' برجد' پکھراج	پیتل' تانبہ	بدھ
سرطان	22 جون تا23 جولائی	قمر	ح' ہ	سفید' ہلکا نیلا	موتی' حجر القمر' پکھراج زرد' عقیق زرد' لہسنیہ' نیلم	ٹن	پیر
اسد	23 جولائی تا23 اگست	شمس	م	سنہرا' اورنج	یاقوت' لعل' مانک' عقیق' مرجان' نیلم	سونا	اتوار
سنبلہ	24 اگست تا22 ستمبر	عطارد	پ' غ	گہرا زرد	لاجورد' کار کینک' زرقون' عقیق زرد' زبرجد' اوپل	ٹن	بدھ
میزان	23 ستمبر تا23 اکتوبر	زہرہ	ر' ت' ط	ہلکا گلابی' نیلا	سنگ دودھیا' ہیرا' پکھراج' در نجف' لہسنیہ' مرجان	تانبہ' پیتل	جمعہ
عقرب	24 اکتوبر تا20 نومبر	پلوٹو' مریخ	ظ' ذ' ض' ژ' ن	گہرا سرخ	مرجان' عقیق سرخ' یاقوت' ہیرا	لوہا' تانبہ	منگل
قوس	20 نومبر تا21 دسمبر	مشتری	ف	ہلکا ارغوانی	پکھراج زرد' زمرد' فیروزہ' لہسنیہ	ٹن' سونا' چاندی	جمعرات
جدی	21 دسمبر تا20 جنوری	زحل	ج' خ' گ	گہرا نیلا' سلیٹی	نیلم' گاڈمیڈک' پلک' عقیق یمنی' موتی' در نجف	سونا' پلاٹینم	ہفتہ
دلو	21 جنوری تا18 فروری	زحل' یورانس	س' ش' ص' ث' ٹ' ڈ	سیاہ	عقیق یمنی' نیلم	پلاٹینم	ہفتہ
حوت	19 فروری تا20 مارچ	مشتری' نیپچون	ڈ' چ	تیز سبز	لاجورد' سنگ یشب' پکھراج سفید' در نجف' لاجورد	ایلومینیم	جمعرات

اعمال متفرقہ

چیچک سے امن

گیہوں کے اکیس دانہ پر سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے جب سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پر پہنچے تو اس کو ۴۰۰ سو بار پڑھ کر دم کرے اور ہر دو دانہ بچہ کو نگلا دے۔ بچہ چیچک سے امن میں رہے گا۔

برائے بواسیر خونی و بادی

آخری چہار شنبہ کو ایک چھلہ چاندی کا بنوا کر ٹھنڈا پانی لیکر سات بار سورۃ یٰسین شریف پڑھکر دم کرے۔ پھر اس چھلہ کو آگ میں گرم کر کے اس پانی میں بجھاوے۔ پھر اسی روز داہنے ہاتھ کی انگلی میں پہنے۔ بفضل خداوند کریم بواسیر کو آرام ہوگا۔

برائے دفعہ احتلام

سورۃ یٰسین شریف ایک بار جس کو خواب میں احتلام ہوتا ہو پڑھکر سویا کرے انشااللہ تعالیٰ اس سے امن رہے گا۔

برائے دفعہ مسان

ڈیڑھ گز نیلا سوت لیکر جو ۴۱ تار کا ہو اس پر تین بارہ سورۃ یٰسین شریف پڑھے اور ہر مبین پر گرہ دے کر دم کرتا جائے۔ کل ۴۱ گرہ ہونگی۔ دو شنبہ کو یہ عمل کرے اور اسی روز عورت حاملہ کی کمر میں باندھے مگر خیال رہے کہ بعد باندھنے کے گنڈا عورت کی کمر سے کسی حالت میں نہ کھولا جاوے جب ولادت ہو تو کھول ڈالے جب بچہ پیدا ہو تو وہ گنڈا اس کے گلے ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ مرض مسان سے محفوظ رہے گا۔

برائے دفعہ لقوہ فالج

اول وآخر سو بار درود شریف درمیان میں سورۃ یٰسین شریف اکتالیس بار اور سورۃ مزمل شریف اکتالیس بار اور سورۃ جمعہ اکتالیس بار پڑھکر گلاب پر دم کر کے مریض کو دوا میں ملا کر علیحدہ پلا دیں اور اس کے

خصوصی نوٹ

عربی عبارت کی اصلاح کسی صاحب علم سے کروالیں تاکہ غلطی کا احتمال نہ رہے۔

تمام بدن پر جہاں مرض ہو ملے۔ سات روز تک یونہی کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس عرصہ میں آرام ہوگا۔ مگر یہ تعداد ہر روز پڑھی جائے گی اور جدید پانی ہوگا۔

برائے دفع ہر قسم بخار

کچے سوت کے سات تار لیکر ایک بار سورۃ یٰسین شریف پڑھے جب مبین پر پہنچے دم کر کے گرہ لگائی جائے۔ سات مبین پر سات گرہ دے، مگر اول و آخر سات سات بار درود شریف پڑھے بعد یہ گنڈہ بخار والے کے داہنے ہاتھ پر باندھ یا گلے میں موم جامہ کر کے ڈال دے بفضلہٖ بخار رفع ہو۔

بیماری

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں۔ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب بیمار ہوتے تھے معوذتین پڑھ کر اپنے اوپر دم کرتے اور خلاق عالم ان کو شفا عطا فرماتا۔

ہر مرض کی دوا

کتابوں میں لکھا ہے کہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہ ننانوے امراض کی دوا ہے۔

تپ

جس کو تپ آئے وہ یوں کہے بِسْمِ اللّٰہِ اَلْکَبِیْر تپ جاتی رہے گی۔

مرض الموت

جس مومن نے آیت ذیل کو اپنی بیماری میں چالیس مرتبہ پڑھا اور مر گیا اس کو اجر شہید کا ملتا ہے اور اگر اچھا ہو گیا۔ تو اس کے سارے گناہ بخش دیئے جائیں گے وہ آیت یہ ہے۔ لَا اِلٰـہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰالِمِیْن۔

دافع مرض

ہر مرض کے دفعیہ کے لئے لکھ کر پینے کے واسطے آیت ذیل دینا چاہئے۔ ”سَلَام“ قَوْلاً مِنْ رَبِّ الرَّحِیْم ط

سورۃ الم نشرح

اگر کسی کے سینے میں درد ہو تو اس سورۃ پاک کو پڑھ کر چھاتی پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی مجرب ہے۔

درد کے لیے

جس کسی کے پیٹ یا سر میں درد ہو یا جسم کے کسی حصے میں درد ہو تو درد والی جگہ پر اپنا ہاتھ رکھ کر گیارہ مرتبہ سورہ الحمد شریف معہ بسم اللہ شریف پڑھ کر اس جگہ پھونکے انشاء اللہ تعالیٰ درد کو فوراً سکون ہوگا اگر ایک دفعہ پڑھنے سے آرام نہ ہو تو دوسری مرتبہ کرو حتی کہ تیسری مرتبہ بالکل آرام ہو جائے گا مجرب ہے۔

بخار کے لیے

اگر کسی کو بخار کی شکایت ہے تو الحمد شریف ۴۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے بخار والے کو پلائیں اور اس کے منہ پر چھینٹے ماریں۔ انشاء اللہ بخار جاتا رہے گا۔

بخار دور کرنے کا عمل

جس شخص کا بخار پیچھا نہ چھوڑتا ہو اس کو چاہیے کہ ہر روز نماز

عصر کے بعد سورہ مجادلہ تین بار پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم اس پر مداومت کرنے سے مریض بخار سے نجات حاصل کرے گا۔

شفائے مارگزیدہ

جس کسی کو سانپ نے کاٹ لیا ہو تو اس کے لئے بہتر ہوگا کہ ایک پرچہ پر نو مرتبہ "س" لکھیں۔ سَلَامٌ" قَوْلًا مِنْ رَبٍّ الرَّحِیْمٍ پھر اس کاغذ کو آب تازہ و طاہر سے اور کسی کا جھوٹا بھی نہ ہو دھو کر مارگزیدہ کو پلائیں تو باذن اللہ تعالیٰ وہ اچھا ہو جائے گا۔

برائے شفا ہمہ امراض

یہ عمل ہر مرض سے شفا حاصل کرنے کے لئے بے حد مجرب ثابت ہوا ہے۔ وہ یہ کہ ایک دیندار متقی آدمی مریض کے سرہانے بیٹھ کر باوضو دونوں ہاتھ اٹھا کر ایک سو چھتیس بار السّلامُ بلند آواز سے کہے کہ مریض بھی سن لے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو صحت ہو جائے گی۔

دافع لرزہ و بخار

تپ ولرزہ کے واسطے خواہ وہ روزانہ آتا ہو یا باری سے نقش مندرجہ ذیل ایک گھنٹہ قبل لرزہ و بخار آنے کے مریض کو لکھ کر دے دیں اور اس سے کہہ دیں کہ وہ برابر اس نقش کو دیکھتا رہے خدا چاہے تو وقت مقررہ نکل جائے گا اور تپ ولرزہ کا دورہ نہ ہوگا نقش یہ ہے۔

قل هو	الله احد	الله	الصمد
الله	الصمد	لم يلد	ولم يولد
الله	الصمد	ولم	يكن له
الله	الصمد	كفواً	احد

شفائے امراض

جب کوئی شخص کسی مرض میں مبتلا ہو جائے تو تیماردار پر لازم ہے کہ آیات شفا اور سورہ فاتحہ چینی کی رکابی پر لکھ کر دھو کر پلا دے انشاءاللہ مریض کو شفا ہو گی اور وہ آیات شفا یہ ہیں۔ وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ وَ شِفَآءٌ" لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ" مُّخْتَلِفٌ" اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ" لِّلنَّاسِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَ شِفَآءٌ" وَّ رَحْمَةٌ" لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَاِذَامَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّشِفَآءٌ".

ہر مرض کیلئے

مریض کے واسطے سورۂ مبارکہ یٰسین شریف کے اس حصہ یکنی وضرب لنا مثلا ونسی خلقه سے آخر سورہ والیه ترجعون تک پانی پر دم کر کے پلا دے تو مرض کیسا ہی کیوں نہ ہو اگر زندگی مریض کی باقی ہے تو انشاء اللہ اس کو شفا ہو گی۔

فاتحہ

یہ نقش سورۂ فاتحہ کا ہے چاہئے کہ بہ اعتقاد صادق لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے اور ایک نقش صبح و شام چینی کی رکابی لکھ کر پلا دے۔

٢٥٢٩	٢٥٤٨	٢٥٣٩	٢٥٣٦
٢٥٤٠	٢٥٣٥	٢٥٣٠	٢٥٤١
٢٥٣٤	٢٥٣٧	٢٥٤٤	٢٥٣١
٢٥٤٣	٢٥٣٢	٢٥٣٣	٢٥٣٨

اکسیر برائے پیچش

یہ نقش سورہ دخان کا ہے برائے دفع عارضہ پیچش اکسیر ہے۔

اعتقاد کامل رکھتے ہوئے اصول اور ضابطۂ کار کے تحت جیسا کہ تحریر کیا جا چکا ہے لکھ کر پلائیں انشاءاللہ شفا ہوگی۔

۲۳۳۴۷	۲۳۳۵۰	۲۳۳۵۳	۲۳۳۴۰
۲۳۳۵۲	۲۳۳۴۱	۲۳۳۴۶	۲۳۳۵۱
۲۳۳۴۲	۲۳۳۵۵	۲۳۳۴۸	۲۳۳۴۵
۲۳۳۴۹	۲۳۳۴۴	۲۳۳۴۳	۲۳۳۵۴

درد سر کے لیے

یہ نقش چار ''ب'' کا ہے برائے درد سر مفید ہے۔ چاہیے کہ بروز منگل اس نقش کو لکھ کر سر پر باندھے۔

ب	ب
ب	ب

نقش سلام

اس نقش سلام کو لکھنے کے بعد عطر سے معطر کر کے بیمار کو پہنائے۔

رحیم	من رب	قولا	سلام
سلام	قولا	من رب	رحیم
من رب	رحیم	سلام	قولا
قولا	سلام	رحیم	من رب

مرض سوکھا

اگر کسی بچے کو سوکھے کا روگ لگ جائے اور وہ روز بروز دبلا ہوتا چلا جائے تو ایسے بچے کے لئے سرسوں سیاہ کا آدھ سیر خالص تیل حاصل کرے اور اس تیل پر اس آیت مبارکہ کو معہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم اور درود شریف ایک ہزار بار پڑھ کر دم کرے۔ دوران ورد اپنے مقصد کا دھیان رکھے اور اعتقاد صادق کے ساتھ پڑھے۔ پھر اس تیل کو بلا ناغہ ۲۱ روز تک بچہ کے جسم پر مالش کرے روزانہ دن میں پانچ بار اس کے پہنے ہوئے کپڑے کو تبدیل کیا کرے قدرے کافور اور لونگ ایک ہی کپڑے میں باندھ کر بصورت پوٹلی بچے کے گلے میں ڈال دے اور اس کے اترے کپڑوں کو گرم پانی میں ابال کر صاف کر لے تاکہ جراثیم مر جائیں اور وہ کپڑے پھر استعمال میں لانے کے قابل ہو جائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اکیس روز میں بچہ توانا و تندرست ہو جائے گا اور وہ آیت کریمہ یہ ہے۔ اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَلَمْ یَعْیَ بِخَلْقِهِنَّ بِقَادِرٍ عَلٰی اَنْ یُّحْیَ الْمَوْتٰی ط بَلٰی اِنَّهٗ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر

درد کان

کسی بچے کے کان میں درد ہو اور کسی علاج سے فائدہ نہ ہوا ہو تو چاہیے کہ کوئی شخص باوضو ہو کر اکیس بار بمعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور درود شریف پڑھ کر آیت مذکورہ ذیل کو پانی پر دم کرے اور پانچ قطرے اس دم شدہ پانی کے اس کان کے اندر جس میں درد ہو رہا ہے ٹپکا دے۔ بفضل اللہ تعالیٰ درد فوراً جاتا رہے گا۔ یہ علاج ہر عمر کے آدمی پر ہو سکتا ہے اور وہ مبارک آیت یہ ہے۔

تَبٰرَکَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَکُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرا o نِ الَّذِیْ لَهٗ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ یَتَّخِذُوَاللّٰه وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَخَلَقَ کُلَّ شَیْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا o

پیاس یا لو کا لگنا

کسی بڑے یا بچے کی پیاس شدت اختیار کر جائے یا لو لگ

جائے ان آیتوں کو کاغذ پر لکھ کر گھول کر دن میں تین مرتبہ پلانا مفید ہے ۔بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط اِنَّ لَکَ اَلَّا تَجُوْعَ فِیْھَا وَلَا تَعْرٰی o وَاَنَّکَ لَا تَظْمَؤُا فِیْھَا وَلَا تَضْحٰی o

امّ الصبیاں

امّ الصبیان کہ نام ایک دیونی کا ہے اور وہ زیادہ تر زچہ خانہ میں بچوں پر مرض کی صورت میں حملہ آور ہوتی ہے۔ اس سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس دن بچہ پیدا ہو اس آیت کو مشک سے لکھ کر تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ بچہ بہ برکت اس آیت کے ام الصبیاں سے محفوظ رہے گا اور وہ آیت مبارکہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط وَخَابَ کُلُّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ o مِنْ وَّرَاۗئِهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّاۗءٍ صَدِيْدٍ o يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ وَمِنْ وَّرَاۗئِهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ o

وبائی امرض کے لیے

وبائی امراض ہیضہ، چیچک یا اور کوئی مرض جس نے وبائی صورت اختیار کرلی ہو۔ اس سے محفوظ رہنے کے لیے چاہیے کہ اس آیت کریمہ کو پاک بالکل کورے کاغذ پر دو جگہ لکھے ایک بیرونی دروازہ پر باہر کی جانب اور ایک مکان کی اندرونی دیوار پر لکھ کر لگا دے۔ انشاءاللہ گھر کے افراد وبائی امراض سے محفوظ رہیں گے اور وہ آیہ مبارکہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلِلّٰہِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ o

زیادتی دودھ کے لیے

اگر کسی عورت کے بعد ولادت دودھ کم ہوتا ہو تو چاہیے کہ نئی مٹی کی طشتری پر حسب ذیل آیہ کو لکھ کر سات روز تک عورت مذکورہ کو بلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ شکایت جاتی رہے گی اور وہ آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَعَلَّمَکَ مَالَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ وَ کَانَ فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکَ عَظِیْمًا o عروج ماہ کے پہلے پنج شنبہ یعنی نو چندی جمعرات سے یہ عمل سات روز تک کیلئے شروع کرے۔

چیچک کے لیے

جب چیچک کا عارضہ شروع ہو تو اس وقت اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے ایک نقش ایک بچے کے گلے میں ڈالے۔ نقش یہ ہے۔

الحمد الله رب العلمین	الرحمن	الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک
نعبد	وایاک	نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم
صراط الذین	انعمت علیھم	غیر	المغضوب	علیھم
ولا الضالین	انت	الشافی	لاشفاء	الاشفاک
اشف	انت	الشافی	لایغادر	سقما

نقش فصلی بخار کیلئے

جب فصلی بخار کی آمد ہو اور یہ مرض جب وبائی صورت اختیار کرے تو اس وقت چاہیے کہ حسب ذیل نقش جتنے افراد گھر میں ہوں اتنی تعداد میں تیار کرے اور تعویذ بنا کر جتنے افراد ہوں ان کے گلے میں ڈال دے انشاءاللہ سب لوگ اس بیماری سے مخفوظ رہیں گے نقش یہ ہے۔

۱۳۱	۱۳۷	۲۹۲	۲۸۹
سلام	قولا	من رب	رحیم
۲۹۳	۲۸۸	۱۳۲	۱۳۶
۲۸۷	۲۹۰	۱۳۹	۱۳۳
۱۳۸	۱۳۴	۲۸۶	۲۹۱

مرض طاعون سے محفوظ رہنے کے لئے

جب یہ مرض وبائی صورت میں نمودار ہو تو ایک پاک برتن میں پانی لے کر اس پر سات مرتبہ سورۃ تغابن پڑھ کر دم کرے اور گھر کے جملہ افراد کو تھوڑا تھوڑا وہی دم شدہ پانی پلا دے۔ یہ طریقہ اس وقت تک قائم رکھے جب تک یہ وبا اچھی طرح سے دفع نہ ہو جائے۔ انشاللہ تعالیٰ یہ دم شدہ پانی پینے والے اس وبائی مرض سے محفوظ رہیں گے۔

پرتاثیر نقش برائے شفاء امراض

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

یہ نقش پندرہ کا ہے۔ چالیس یوم تک روزانہ بعد نماز فجر اکتالیس بار اس نقش کو لکھا جائے اور روزانہ ایک تعویذ لکھ کر چالیس تعویذ آرد گندم میں گولی بنا کر دریا میں روزانہ ڈال دیا کرے۔ چالیسویں دن اکتالیس نقش ڈالے جائیں۔ اس لئے کہ روزانہ ایک نقش بچتا رہے گا یہ زکوۃ اس عمل کی ہوگئی۔ اب روزانہ پانچ تعویذ لکھ کر تالاب یا دریا میں ڈالتا رہے تا کہ عمل سریع الاثر رہے۔ جس مرض میں آپ لکھ دیں گے صحت ہوگی۔ بڑی بے نظیر چیز ہے۔ شفاء یابی مرض کے واسطے ایک بزرگ صرف اس تعویذ سے کام لیتے تھے اور میرے مشاہدے میں اس سے بہتر تعویذ نہیں آیا۔ اطبا کو چاہیئے کہ وہ اس نقش سے کام لیں خواہ گھول کر پلائیں یا بازو پر باندھیں۔

زہر خورانی کا دفعیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم اگر شبہ ہو کہ اس کھانے میں زہر ملا دیا گیا ہے یا پانی میں زہر ملا دیا گیا ہے۔ تین بار اس آیت شریف کو دم کرے کھائیں کچھ اثر نہ ہوگا یا یہ طریقہ عمل کر لیں کہ جب کھانا سامنے آئے تین بار پڑھ کر دم کر دیا پھر کھانا شروع کیا۔ اس طرح سورۃ لا یلاف پوری پڑھ کر دم کرنے سے بھی اس ضرر سے محفوظ رہتا ہے۔

ہر مرض اور ہر درد کی دوا

وَ بِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَ بِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا ٥

مقام مرض پر یا مقام درد پر ہاتھ رکھ کر ان آیات کو تین بار پڑھ کر دم کرے۔ دن میں دو بار دم کر دیا کرے۔ اللہ کو منظور ہوا تو جلد ازالہ مرض ختم ہوگا۔ صرف ایک آیت اول کر پڑھیں۔ غضب کی تسخیر ہوگی۔

کیسا ہی سخت مرض ہو شفا ہوگی

ان آیات کو پڑھکر روزانہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے اور تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے یا طشتری پر لکھ کر پلا دے شفا ہوگی۔ بارہا کا آزمائش کردہ عمل ہے۔ طبیب صاحبان کو چاہئے روزانہ بوقت صبح ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ پھر تو آپ جس مریض پر پڑھ کر دم کر دیں

گے شفا ہوگی۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ o وَشِفَاءٌ لِمَا فِي الصُّدُوْرِ o يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِلنَّاسِ o وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ o وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ o قُلْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاءٌ o

بخار کا حکمیہ علاج

اگر کسی کو بخار آتا ہے تو نئی روئی لے کر دو پھایہ بنائیں۔ ایک دائیں کان کے واسطے اور ایک بائیں کان کے واسطے۔ دائیں کان میں جو پھایا لگانا ہو اس پر گیارہ مرتبہ درود شریف اور سات بار الحمد شریف پوری پڑھ کر دم کر کے دائیں کان میں لگا دیں۔ دوسرے پر پانچ بار الحمد شریف پڑھ کر اور گیارہ مرتبہ درود شریف دم کر کے دوسرے کان میں لگا دیں۔ دوسرے دن اسی ٹائم پر دائیں کو بائیں اور بائیں کو دائیں میں لگا دیں۔ انشاء اللہ بخار کافور ہوگا۔ اسی طرح اگر چالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے بخار والے پر چھینٹا مارے انشاء اللہ بخار دفع ہو۔ اگر دونوں باتیں ایک ساتھ عمل میں لائے سبحان اللہ کیا کہنا تیر ہدف ہے۔ اگر اس پر بھی بخار نہ جائے اسی قاعدے کے ساتھ سورۃ الم نشرح پڑھنا چاہیئے۔

دردزہ کی تکلیف

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ سے دوسری آیت حُقَّتْ تک لکھے آگے اس اھیاً اشراھیاً لکھ دے۔ پھر اس تعویذ کو باندھ دیں اور بچہ ہوتے ہی فوراً کھول دیں با آسانی ولادت ہوگی۔

سورۃ فاتحہ

کسی قسم کا لاعلاج مرض ہو روزانہ سات مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے شفاء عاجلہ ہوگی۔ اس طرح جو شخص سورۃ فاتحہ پڑھ کر کسی پر دم کرے گا ازالہ مرض ہوگا ہر مرض کی دوا اور ہر مرض کی شفا ہے۔

درد نیم سر

آدھے سر کے لئے یہ نقش گھول کر پلا دے نقش یہ ہے

یا اللہ

بیماریوں کی صحت پانے میں

حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جو بیمار سر پر ہاتھ رکھ کر آخر سورۃ حشر پڑھے، شفا پائے گا۔

مرض سے شفا

جب کوئی بیمار سورۃ فاتحہ لکھ کر مینہ کے پانی سے دھو کر منہ اور ہاتھ پر ملے اور تھوڑا تھوڑا کر کے چند مرتبہ پلا دے اور پینے کے وقت مریض یہ دعا پڑھے الھم انت الشافی وانت الکافی لا شفاک ولا دوا علیٰ دوا ک اللہ کے حکم سے مریض شفا پاوے۔

دافع ہر مرض کے

الشافی مربع میں بھرے اور چینی کی رکابی پر لکھے گرد اس کے وننزل من قرآن ماھو شفارو رحمتہ اللمومنین لکھ کر دریا کے پانی میں گھول کر بیمار کو پلا دے۔ یہ بیمار شفا پاوے۔

ہر بیماری کے واسطے

جب کوئی کسی بیماری میں مبتلا ہو شرف قمر میں اس نقش مکرم کو چاندی کی تختی پر کندہ کرا کے بیمار گلے میں ڈالے بیمار بہت جلد شفا پائے۔

رخ	ہ	ر	ر
مجید	۵۷	۲۶	قطلع
۵۸	۵۴	۱۵۱	۶۱
عالم	۶۰	۵۹	واحد

شفاامراض

برائے دافع ہر مرض کے آیۃ تنزل من القرآن کو لکھ کر مریض کے بازو پر باندھے مریض کو جلد اس مریض سے افاقہ ہوئے نقش یہ ہے۔

۱۲۵	۶۹۸	۶۰۰۱	۹۸۸
۱۰۱	۹۸۹	۹۰۹۴	۹۹۹
۹۹۰	۱۰۰۴	۹۹۴	۹۹۳
۹۹۷	۹۹۶	۹۹۱	۱۰۰۳

رفع ہونے ہرامراض کے لیے

بطہارت اور بصدق دل اس نقش یا سلام کو باوضو کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے داہنے بازو پر باندھے وہ مکرم اور معظم تعویز یہ ہے۔

۳۲	۳۵	۳۹	۳۵
۳۸	۲۶	۳۱	۳۶
۲۷	۴۱	۳۳	۳۰
۳۴	۲۹	۲۸	۴۰

واسطے شفاپانے کے

چینی کی رکابی پر مشک اور زعفران اور گلاب سے آیۃ الکرسی تین بار لکھے۔اور ولو انزلنا هذا القرآن علی اجبل الرّاتبۂ سے آخر سورۃ تک لو ان قرآن سیرت سے حنیفا تک پڑھ کر اس پر دم کرے۔اور ندیا کے پانی سے وضو کر کے نہار منہ تین روز تک مریض کو پلا دے۔خدا کے فضل سے مریض شفاء پاوے مجرب ہے۔

دردسر

جس شخص کے سر میں درد ہو ان آیات کو لکھ کر اس کی پیشانی پر باندھ ہے۔درد رفع ہوگا۔بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الم ترالی ربک کیف ملاظل ولوشاء لجعلہ ساکناً ثم جعلنا الشمس علیه ولیلا تک وله ما سکن فی الیل والنهار وهو السمیع العلیم اور بعد آیت کے یہ لکھ دے ایها الملک مرفا بیل مشیته الله الفرهان والشقیقهو الجرزۃ ح خ ح ط د م و د ع س ص ی ا مکن من ذکرت علیه وهو السمیع العلیم الشافی الله المافی الله الذی فسلیکنهم الله والسمیع العلیم ولا حول ولا قوة الا بالا العلی العظیم بعد باندھنے کے سات بار او انزلنا هذا القرآن سے و هو لاعزیز الحکیم تک پڑھ کر دم کرے نیم درد کے واسطے بھی مفید ہے۔

دافع دردسر کے لئے

نقش یا حبیب کو لکھ کر مریض کے سر پر باندھے مریض شفا پاوے تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

۳۵	۳	۸	۳۴
۴	۳۸	۳۱	۷
۳۲	۱	۵	۳۷

مرگی کے واسطے

صرع کا عارضہ جس کسی کو ہو اس کے کان میں ان کلمات کو پڑھ کر پھونکے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمٓص کٓھٰیٰعٓصٓ کٓھٰیٰعٓصٓ یٰسٓ والقران الحکیم ۔حٰمٓ.عٓسٓقٓ.ن والقلم وما یسطرون اس دم افاقہ ہو جاوے۔

صراع کے لئے

جب کسی کو طرع کا عارضہ ہو جائے وہ اسم شریف نانور کو اس صورت سے ن ا ن ر پیشانی پر پانچ بار لکھے مصروع اچھا ہو جائے۔

مصروع کے لئے

اس تعویز کو اگر مرگی والا اپنے سر میں باندھ تو عارضہ سے شفا پاوے۔ وہ یہ ہے۔

عش جم	کھس	ق حم	الرن
احوالملک	کافی الملک	نافع	رحمان
محمد بکو	رب ملک	اکسر	کھیل
حم عسق	عس	المص	ص ناز

مرگی کے واسطے

جس کو عارضہ صرع کا ہو اس کے گلے میں اس تعویذ یا محیط کو لکھ کر ڈالے صحت ہو گی۔

م	ط	ی	ح
ی	ح	م	ط
ح	ی	ط	م

ط	م	ح	ی

پڑوال چشم

کسی کو آشوب چشم ہو چاند رات کو ہلال کے مقابل کھڑا ہو اور سورہ الحمد دس بار اور سورہ اخلاص تین بار پڑھے۔ اور داہنے ہاتھ کو آنکھوں پر پھیرتا جاوے اور پڑھتا جاوے اور یہ عمل تین رات تک پڑھے۔

درد گوش

جس کسی کے کان میں درد ہو آیتہ کان لم یغنو الذین کذبو من الخسرین آخر تک پڑھ کر دم کرے درد رفع ہو۔

درد کان کے لیئے

جسکو کان میں درد ہو اور بہت ایذا ہو تو یاسمیع ایک ہزار پڑھ کر اس کے کان میں دم کرے فائدہ ہو۔

درد گلو

جس کے گلے میں درد ہو اس تعویز کو دوشنبہ یا جمعہ کو لکھ کر گلے میں باندھے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم اللہ الملک اللہ لک ھو میر کع لک فی محفوظ درد اور ورم گلو دور ہو۔ گلے میں درد ہو اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں ڈالے۔

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

خشک کھانسی کے لئے

روغن چنبیلی پر سات بار سورہ فاتحہ مع بسم اللہ اور اول آخر تین تین بار درود شریف کو پڑھ کر دم کرے اور مریض روغن کو اپنے گلے میں بعد نماز عشا کے ملے شفا پاوے۔

دانتوں کا درد

صاحب درالنظیم نے لکھا ہے کہ بصرے میں ایک بزرگ تھے۔ کہ دانتوں کی دوا جانتے تھے اکثر لوگ کو فائدہ ہوتا تھا مگر اس کے سکھانے سے بخل کرتے تھے۔ جب وقت وفات قریب پہنچا تو ایک شخص سے فرمایا وہ دوات قلم لایا تو یہ دعا لکھ کر عنائت فرمائی۔ اور فرمایا کہ ہمیشہ اس دعا کو واسطے دانتوں کے درد کے پڑھتا تھا اور شفا ہوتی تھی ۔بسم اللہ الرحمن الرحیم المص طسم کھیعص حم عسق اللہ لا الہ الا رب العرش العظیم اس کن بکھیعص ذکر رحمة ربک عبدہ ذکریا اسکن بالذی جاالذی کن لا مافی السموات وما فی الارض وھو سمیع العلیم. جو کوئی اسے پڑھ کر دم کرے گا مریض انشا اللہ شفا پاوے گا۔

درد ناف ودرد شکم وپیچش واسہال وتلی

مذکورہ بالا دردوں میں سے اگر کوئی درد بھی ہو آیۃ الکرسی کو گلاب وزعفران سے کاغذ پر لکھے اور پانی سے دھو کر پیئے درد دور ہوگا۔

ناف ٹل جاوے

اس نقش کو آیۃ واللہ غالب کو لکھ کر ناف پر باندھے۔

۸۹۰	۸۳۳	۸۸۸
۸۹۵	۸۸۷	۸۸۹
۸۸۶	۸۹۱	۸۸۴

دافع اسہال

جب کسی کو اسہال یعنی (دستوں) کی تکلیف ہو تعویذ لکھ کر اپنے جسم پر باندھے نقش یہ ہے۔

۳۰۴	۲۹۲	۳۰۲
۲۹۹	۳۰۱	۳۰۲
۳۰۰	۳۰۵	۲۹۸

پیچش کے واسطے

سورہ والشمس کو لکھ کر گھول کر پلادے مریض شفا پاوے۔

واسطے بخار وتپ لرزہ کے سورہ یٰسین شریف کو پڑھے جب مبین پر پہنچے تو ایک گرہ کچے سوت میں دیتا جاوے جب تمام ہو اس گنڈے کو بخار والے کے بازو پر باندھے۔

بخار کیلئے

جس شخص کو بخار آتا ہو اس نقش مکرم کو چینی کی رکابی پر لکھ کر مینہ کے پانی سے دھو کر پلادے بخار جاتا رہے گا نقش یہ ہے

۳۴	۴۹	۲۰۱	۷
۴۸	۳۹	۴۲	۴۰۲
۹	۳۳	۱۲	۴۰

دور کرنے تپ

جب کسی شخص کو بخار آتا ہو سفید کپڑے کی ایک چٹ لکھ کر اور مرغی کے انڈے پر لپیٹ کر بھوبل میں دبا دے۔ جب انڈا پک جاوے تو بیمار کو کھلا دیں اور اس کے پوست وچھلکے کو کپڑے میں لپیٹ کر

بخار والے کے ہاتھ تین باندھے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۸	۱۱	۱۹	۴۸	۴
۲۹۶	۵۱۰	۲	۴۱	۹
۹	۳۷	۶	۹۹	۴۹
۱۰	۱۹۷	۵۳	۴	۱

بخار کے لیے

بخار والے کے ہاتھ میں یہ نقش لکھ کر باندھے بخار دور ہو جائے گا۔

۷۸۶

۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

دافع داد چنبل

ویسئلونک عن الجبال فقل ینفها ربی نسفاً فیذرھا قاعاً صفصفاً لا تریٰ فیھا عوجاً ولا امتاً تک سیاہی سے لکھ کر روغن بنفشہ لگا کر کے بدن پر ملے، پھوڑوں اور امراض بدنی سے شفا پاوے۔

دافع داد

ملتانی مٹی سے لکھ کر دھو کر اوپر ملے فاصابھا اعصار فیہ نار فاحترقت.

یرقان کے لیے

گھول کر پلاوے اور منہ بھی دھوئیں، عجیب فائدہ ہو۔ صحت پاوے۔

۷۸۶

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۵
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

یرقان کے واسطے

جس کو یرقان ہو جاوے۔ سورہ سباء کو چینی کی رکابی پر لکھے اور میٹھے پانی سے دھو کر مریض کو پلاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بفضلہ شفا پاوے۔

دافع وورد پاء

واسطے دفع ہونے نقرس یا درد پاء اس تعویذ کو لکھے اور ان پر باندھے۔ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۲۲	۱۱۱۷	۱۰۲۴
۱۰۲۳	۱۰۲۱	۱۰۱۹
۱۰۱۸	۱۰۲۵	۱۰۲۰

حاملہ عورت کے لیے

اس آیت کریمہ کو حاملہ کی کمر میں باندھیں۔ جب چالیس روز گزر جاویں کھول ڈالے۔ جب نواں مہینہ شروع ہو پھر باندھے۔ جب لڑکا پیدا ہو اس کے گلے میں یہ تعویذ ڈالے۔ لڑکا جمیع آفات اور بلیات سے ہمیشہ محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

الذی احصنت فرجھا سے راجعون تک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے کچے سوت میں باندھے۔

اسقاط نہ ہو

یہ تعویذ الھم یکیدون کید وّا کا ہے حاملہ کی کمر میں باندھیں۔ بچہ قبل از وقت گرنے سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۶۹	۷۲	۷۹	۷۶
۸۰	۷۵	۷۰	۸۱
۸۴	۷۷	۷۴	۷۱
۳۸	۷۳	۷۲	۷۸

دفع دردزہ کے لیے

جس عورت کو دردزہ ہو اور لڑکا نہ پیدا ہوتا ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر ایک کپڑے میں لپیٹ کر عورت کے گلے میں باندھیں۔ وہ نقش یہ ہے جب لڑکا پیدا ہو جاوے کھول دیں۔

لا الہ	الا	اللہ	محمد	رسول	اللہ
الا	اللہ	محمد	رسول	اللہ	لا الہ
اللہ	محمد	رسول	اللہ	لا الہ	الا
محمد	رسول	اللہ	لا الہ	الا	اللہ
رسول	اللہ	لا الہ	الا	اللہ	محمد
اللہ	لا الہ	الا	اللہ	محمد	رسول

۳۲۲۸۰	۳۲۲۷۳	۳۲۲۷۸
۳۲۲۷۵	۳۲۲۷۷	۳۹۲۷۹
۳۲۲۷۶	۳۲۲۸۱	۳۲۲۷۴

گریۂ اطفال

جو بچہ روتا ہو یا سونے میں چونک پڑتا ہو سورہ ابراہیم کو لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں۔

بچوں کی دشواری دانت

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی با دشواری بر آمد دندان بیمار ہو جاوے تو اس تعویذ یاسین کو شہد سے محو کر کے اس کے مسوڑھوں پر ملے۔

۷۸۶

م	ت	ی	ن
۱۱	۴۹	۴۱	۴۲
۴	۸	۴۲	۴۳
۴۷	۴۴	۴	۵

دشواری دانت

جب بچہ کے دانت دشواری سے نکلیں تو سورہ ق لکھ کر آب باراں سے دھو کر پلا دیں۔ دانت با آسانی نکلیں گے۔

افزونی شیر

جس عورت کا دودھ کم ہو گیا ہو الذی احسن کل شئی خلقہ کو تشکرون تک چینی کے رکاب میں لکھ کر آب باراں سے دھو کر دو حصہ کرے۔ ایک حصہ مرضعہ کو پلا دے اور نصف اس کے کھانے میں ملا دے اور سات روز تک یہ عمل کرے۔

وباء کے واسطے

جب وبا پھیلے تو سلام قولا من رب رحیم دو سو بار

پڑھے اور پانی پر دم کر کے تھوڑا پانی سب کو پلادے۔ اللہ تعالیٰ وباء سے اپنی حفظ امان میں رکھے گا۔

جب کوئی شخص سفر میں جانے کا ارادہ رکھتا ہو اور چلنے سے تھک جاتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے۔

۷۸۶

۱۱	۱۱	۴	۱
۷	۳	۱۳	۱۲
۶	۱۶	۳	۲
۴	۵	۱۰	۱۵

جس کو عارضہ بواسیر ہو جائے

وہ یہ آیت وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرَاھِیم القواعد من البیتِ واسمٰعیل رَبَّنَا تَقَبَّل مناط انک انت السمیع العلیم کو بلوری طشتری پر زعفران اور گلاب سے لکھے اور انگور سیاہ کے پانی سے دھو کر پیئے۔

جس کو بواسیر ہو

ہفتے کے دن اس تعویذ کو لکھے اور اسی لمحے میں باندھے۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم. یا رحیم. کل صریح و مکروب یا رحیم و صلی اللہ علیہ و سلم خیر خلقہ محمد و آلہ اصحابہ اجمعین.

واسطے دفع ہونے بواسیر کے

یہ نقش آیت کریمہ لا یزون فیھا شمساً ولازھیریرا کو لکھ کر اپنے ہاتھ میں باندھے یہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

۴۳۳	۴۲۷	۴۳۴
۴۳۲	۴۳۱	۴۲۹
۴۳۸	۴۳۵	۴۴۴

گزیدن سگ

جس کو کتے نے کاٹا ہو۔ اس نقش کو لکھ کر اس کے گلے میں باندھے اور ایک نقش لکھ کر پلادے۔

۷۸۶

۳۴۱۱	۳۴۰۶	۳۴۱۳
۳۴۲	۳۴۱۰	۳۴۰۸
۳۴۰۷	۳۴۱۴	۳۴۰۹

گزیدن بندر

جس کو بندر یا کسی اور جانور نے کاٹا ہو اس نقش متبرک کو کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے اس کے گلے میں ڈالے۔ تعویذ یہ ہے۔

۳۴۰۰۱۱	۴۸۰۹۴	۴۸۰۹۹
۳۴۱۲	۴۸۰۹۲	۴۸۰۹۴
۳۴۰۷	۴۰۱۰۰	۴۸۰۹۵

حصول اولاد

یہ مثلث مشک اور زعفران سے چمڑے پر لکھ کر وہ عورت اپنی کمر سے باندھ لے جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں یا اسقاط حمل ہو جاتا ہے۔ اس تعویذ کی برکت سے اولاد زندگی والی ہوگی۔

۷۸۶

۳۰۴	۲۹۶	۳۰۲
۲۹۸	۳۰۱	۳۰۳
۳۰۰	۳۰۵	۲۹۷